Mr. Chairman: Has this motion been moved?

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Yes Sir.

Mr. Chairman: Anybody would like to say anything on this?

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, we had only pointed out, we are not opposing it that in Section 10 para 3 has also been deleted which we feel should be reconsidered by them later on.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب چیئرمین! یہ بات ہوئی ہے اور یہ بات
درست ہے مگر اس کے بارے میں rules میں وضاحت کر دی جائے گی تاکہ
یہ lacuna جو ہے یہ cover ہو جائے۔ میں آپ سے درخواست کروں گا
کہ اس کو لے لیا جائے۔

Mr. Chairman: Anybody else wanting to say anything. Soomro Sahib, Dr. Sahib is saying that the government is conscious. آپ نے جو point out کیا ہے۔ that is a lacuna and they ensure either in the rules or if necessary, by legislation that lacuna will be removed.

Mr. Ahmedmian Soomro: I don't press.

Mr. Chairman: Anybody else would like to say anything on it?

Mr. Muhammad Ali Khan: We have no objection.

Mr. Chairman: No objection. So, then I will put this motion to the House. This motion was already moved. It has been moved by Dr. Sher Afgan, Minister of State for Parliamentary Affairs :-

> "That the Bill to repeal Martial Law Regulation No.60 [The Martial Law Regulation No.60 (Repeal) Bill, 1989] as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The motion stands adopted. Any amendments on this?

(Pause)

Mr. Chairman: No. Then we will take it clause by clasue. Clause No.2. The question before the House is:-

> "That Clause 2 do form part of the Bill."

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: Clause 2 forms part of the Bill. The question before the House is:-

> "That the Preamble, Clause 1 and Short Title form part of the Bill"

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The Preamble, the Clause 1 and Short Title stand part of the Bill. Next item No.5.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: I beg to move:-

Mr. Chairman: Any objections?

(Pause)

Mr. Chairman: No objection. So, I will put it straightaway. Dr. Sher Afgan, Minister of State for Parliamentary Affairs has moved:-

> "that the Bill to repeal Martial Law Regulation No.60 [The Martial Law Regulation No.60 (Repeal) Bill, 1989] be passed."

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: So, the Bill stands passed. Next item No.6, has this been moved?

THE PAKISTAN INTERNATIONAL AIRLINES CORPORATION (AMENDMENT) BILL, 1989

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: This has been moved.

Mr. Chairman: Any amendments, any suggestions on this.

Mr. Muhammad Ali Khan: Sir, I have a minor suggestion. I would request the honourable Minister to give an assurance that all those ex-unions functioning in the PIA on the 15th of August, 1981 when this Martial Law Regulation came into existence banning them, they should stand revived, and we will have no objection in passing this.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! لازمی طور پر جب یہ repeal ہے

[Dr. Sher Afgan Khan Niazi]

ہو جائے تھا تو وہ بحال ہو جائیں گی یہ discreminately نہیں ہوگا صورت حال
کا ان کو علم ہے انشاءاللہ وہ ضرور Revive ہوں گی۔
جناب چیئرمین، جناب سومرو صاحب۔

Mr. Ahmedmian Soomro: I would like the Minister to assure us that the unions would be established through referendum and not by nomination.

Mr. Chairman: That is the normal procedure. I think it will be through referendum. You will follow the normal rule of referendum.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جو بھی ہوگا قانون کے مطابق ہوگا۔
جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی۔

Mr. Ahmedmian Soomro: But the law is silent on that then how they are going to follow the rule.

جناب چیئرمین: سومرو صاحب! آپ اس بات کو دیکھ لیں کہ IRO میں جو procedure ہوگا وہی یہاں apply کرے گا۔

جناب سرتاج عزیز: جناب چیئرمین! اس میں دو stages ہیں ایک تو یہ ہے کہ referendum سے پہلے ایک interim phase آتی ہے۔
before any new society may be registered something may happen. So, the assurance being sought is that in the interim phase all the unions that existed before the banning in August, 1981 will stand automatically revived.

اس کے بعد جو collective bargaining agent ہوتا ہے اس کے لئے referendum ہوتا ہے۔ The union may exists. تو collective bargaining agent کے لئے جب تک الیکشن نہ ہو اس وقت تک جو پرانی یونینیں ہیں وہ بحال رہیں گی اس کے لئے تاریخ مقرر ہو جائے گی اور طریق کار اس کے بعد چلے گا۔ This is the procedure.

Mr. Chairman: So, whatever the correct procedure is you will follow.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: یقیناً follow ہوگا۔

Mr. Chairman:

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, the point is that unions should not be established through nomination.

Mr. Chairman: So, no nomination will be made.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: nominations تو ویسے ہی discard ہو چکی ہیں

Mr. Chairman: You are assuring the House that no nomination will be made.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: nomination نہیں ہوگی۔

Akhunzada Behrawar Saeed: And no discrimination Sir.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: No discrimination.

Mr. Chairman: Gen. Saeed Qadir.

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: We are talking about the introduction of amendment to the Bill, the question is that assurance even if it is given legally has no value because we are talking about the amendment to the Bill.

Mr. Chairman: You see, we have received no amendments. What is being asked for is that an assurance that they will not make any nomination and they will follow the normal law which is the applicable law in these situations.

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: But then why we don't look at the law which exists, before you pass it, it is much better to do that.

Mr. Chairman: That law is already there. Applicable law would be the Industrial Relations Ordinance.

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: If that be the case then we should be sure of it, there is no need to ask for assurance.

Mr. Chairman: Anything else. Do I put it to the House now?

(Voice 'yes')

Mr Chairman: Okay. It has been moved by Dr. Sher Afgan Minister of State for Parliamentary Affairs:-

"That the Bill further to amend the Pakistan International Airlines Corporation Act, 1956[The Pakistan International Airlines Corporation (Amendment) Bill, 1989], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The motion is carried. There are no amendments, so I will take up the Bill clause by clause.

The question before the House is:

"that clause 2 do form part of the Bill".

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: Clause 2 forms part of the Bill. Again there are no amendments to clause 1.

So, the question before the House is:-

"That the preamble, clause 1 and short title do form part of the Bill."

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The preamble, clause 1 and short title do form part of the Bill and the motion is adopted.

Now next motion is Dr. Sahib No.7.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: I beg to move:-

Mr. Chairman: Any suggestions, any comments. No opposition. So, I will put the question straightaway. The question before the House is:

> "that the Bill further to amend the Pakistan International Airlines Corporation Act, 1956 [The Pakistan International Airlines Corporation (Amendment) Bill, 1989] be passed."

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands passed.

<u>ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی</u>: جناب چیئرمین! میں آپ کا اور معزز ایوان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور جو یقین دہانی یہاں کرائی گئی ہے حکومت کی کوشش ہو گی کہ اسے پورا کیا جائے یہ آپ کی اور اس ہاوس کی مہربانی ہے کہ دو بل بہتر طریقے سے پاس کئے ہیں۔

Mr. Chairman: Now, we take up the next item, a resolution by Mr. Ahmedmian Soomro. You want to move this resolution.

Mr. Ahmedmian Soomro: Yes, Sir.

Mr. Chairman: Mr. Muhammad Ali Khan, this is Ordinance No.8. This is also a legislative business.

RESOLUTION UNDER RULE 132(2) RE:DISAPPROVAL OF ORDINANCE NO. VIII OF 1989.

Mr. Ahmedmian Soomro: I move, Sir:

[Mr. Ahmedmian Soomro]

"This House disapproves Ordinance No. VIII of 1989 seeking further to amend the Small Business Finance Corporation Act, 1972."

Sir, I also had three notices of other three Ordinances which I am not going to move for disapproval.

Mr. Chairman: So, you are withdrawing your notices of disapproval.

Mr. Ahmedmian Soomro: But not this one.

Mr. Chairman: You want to move this

Mr. Ahmedmian Soomro: Yes, Sir.

Mr. Chairman: Dr. Sahib, are you opposing it?

ڈاکٹر شیر انگن خان نیازی: جناب یہ opposing کی بات نہیں ہے۔ بنیادی
طور پر میں نے پہلے بھی گزارش کی ہے اور اب بھی میں کرتا ہوں اس کا جب statute
بنا تھا اس کا جو title تھا وہ بعد میں بدل دیا گیا اسکے لیے بھی simple
amendment ہے، اس وقت بھی اس کا title
پیپلز سے شروع ہوتا تھا اب یہی تبدیلی کی گئی ہے یہاں اس
کو بدل دیا جاتا Small Business Finance Corporation for People
اور اس کے بنیادی ڈھانچے میں کوئی تبدیلی نہیں لائی گئی۔ تو میں جناب گزارش کردوں گا کہ وہ
اگر مہربانی کریں تو ذرہ نوازی ہوگی۔

Mr. Chairman: Any how, we will have to hear his argument.

Yes, please Mr. Ahmedmian Soomro.

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, I am pressing this motion for disapproval because first of all I will point out to the learned Minister-in-Charge, it says:

"Whereas it is expedient further to amend the Small Business Finance Corporation Act, 1972, (Act XXIX of 1972) for the purposes hereinafter appearing".

Now, if you go through the whole Act, there is no purpose; any way for which this Ordinance has been issued. That is the first thing and they have not provided any purpose which has made them to utilize the emergency powers of an Ordinance. The National Assembly was to meet with in a few days which is less than a fortnight. Then what was the urgency of renaming this Small Business Finance Corporation as Peoples Finance Corporation? I see no reason in it. They have shown no purpose for exercising, the urgent powers of the President which are usually exercised when it is unavoidable. I, therefore, feel Sir, that there is no reason, no urgent reason and no public interest in changing the name which already exists.

Mr. Chairman: Anybody else who would like to say anything on this? Yes, please Mr. Muhammad Ali Khan.

Mr. Muhammad Ali Khan: Sir, it is very plain and simple. There is no necessity of changing the name which resembles a specific political party. I personally feel that it amounts to the promotion of certain political ideals of our specific political party by re-naming this Corporation and, this too, would be done at the national exchequer, and Sir, I tell you that I would be the last person to accept this and, I am sure, my colleagues also would side with me and we would defintely reject this.

Mr. Chairman: Anybody else, Mr. Shad Muhammad Khan.

<u>جناب شاد محمد خان</u>: جناب والا! یہ حکومت ایک نیا راستہ کھول رہی ہے کہ کل دوسری پارٹی برسر اقتدار آئے گی تو پھر اس نام کو Change کرے گی تو کیوں نہ قومی مفاد میں یہی نام رہنے دیا جائے تاکہ اس میں political affiliation کسی پارٹی کی نہ ہو نہ مسلم لیگ کی نہ جمعیت العلماء کی ہو نہ پیپلز پارٹی کی۔ یہ ایک نئی چال ہے لہذا اسے مسترد کرنا چاہیئے۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا! وزیر محترم نے فرمایا ہے کہ اس میں مقاصد کی کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ اگر مقاصد کی تبدیلی نہیں ہے تو صرف عنوان بدلنے سے مدعا کیا ہے؟ اگر بے مقصد تبدیلی ہے تو ہم یقیناً اسے مسترد کریں گے۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی : جناب میرے معزز ممبر ہوتی صاحب نے فرمایا کہ یہ نام دینا بے مقصد ہے کیونکہ اس وقت یہ رولنگ پارٹی ہے لہٰذا اس کا وہی پہلا نام رہنے دیا جائے اور اس کے نئے نام کو ہم پوری طرح reject کرتے ہیں۔

Mr. Chairman: Dr. Sahib, anything you want to say.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : جناب والا! میں ایک گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک request تھی جیسا کہ معزز سینیٹر صاحبان کا خیال ہے میں تھوڑا سا پس منظر بتانا چاہتا ہوں کہ

The peoples Finance Corporation was established under the Act of Parliament (No. XXIX of 1972) to provide loans for all classes of small business and cottage industries.

تو اس وقت بھی شروع میں اس کا یہ نام تھا اور پیپلز کا لفظ تھا اب اس لفظ کو بدلنے کے لیے باقاعدہ آرڈیننس ہوا اور Ordinance of XXV of 1979 and this on 24th April, 197 کو لاگو ہوا۔ اب جیسے کہ معزز اراکین کا خیال ہے کہ یہ بات ایک پارٹی سے منسلک ہے اس لیے یہ نام لایا جا رہا ہے تو بات یہ پیدا ہوتی ہے کہ ۷۹ء میں جو بنیادی طور پر Act بنے Act کا نام peoples تھا اس لفظ کو بدلنے کے لیے ۷۹ء میں ordinance جاری کیا گیا تو اس وقت اسکی کیا ضرورت تھی! ۔۔۔۔۔

ایک آواز : اس وقت جمہوریت نہیں تھی۔۔۔۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : بات درست ہے آپ کی، اب ماننے کی بات یہ ہے کہ جو جمہوری دور کی پیدا کی ہوئی چیز ہو اور جو اس کا اصل نام ہو اور اس

کو اگر جمہوری دور میں بحال کر دیا جائے تو اس میں، میں سمجھتا ہوں کہ کسی پارٹی کی بات نہیں ہے جو بنیادی اصول ہے تاکہ صحیح معنوں میں جمہوری ادوار میں پیدا کی ہوئی چیزوں کو ہم بحال کر سکیں۔ اگر یہ کسی اور جمہوری دور کی بھی بات ہوتی تو بھی یہ بحال ہو جانا چاہیئے تھا چونکہ یہ ہمارا اخلاقی فریضہ ہے ہم یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم تمام عوام کی رائے سے منتخب ہو کر آئے ہیں اور ہم پارلیمانی جمہوری نظام پر یقین رکھتے ہیں اس لیئے یہ ہمارے فرائض میں ہے۔ جیسا کہ سومرو صاحب نے فرمایا ہے کہ

میں کچھ نہیں دیا گیا usually یہی ہے کہ پس منظر میں یہ نام تھا مارشل لاء کے دور میں بلاوجہ بلا جواز اسے بدلا گیا اور اس میں ایک خاص concept ہے یہ ایسا ایکٹ ہے جو بنیادی طور پر نچلے طبقہ سے متعلقہ ہے وہاں پر چھوٹی چھوٹی دستکاریاں اور چھوٹے چھوٹے جو رکشا ڈرائیور اور دوسرے اس قسم کے لوگ ہیں ان کے لینے ہے loans نہ کہ یہ ایک کے لیے

"Peoples" does not mean the simple specific party Peoples Party. It means the people of Pakistan. They are all included.

چاہے وہ کسی پارٹی سے منسلک ہوں اس کے لئے میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اس کے مطابق بنیادی طور پر مارشل لا کے دور میں زیادتی ہوئی ہے اور اس زیادتی کو دور کرنے کے لئے اس کا اصل نام بحال کیجئے۔ شکریہ جی۔

Mr. Chairman: Yes, please Mr. Ahmedmian Soomro.

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, I would like to reply to the point raised by my honourable Minister. First of all, he talked of an Act having been amended in 1979 through an Ordinance. At that time, there were no legislatures at all. To accept an Ordinance, there was no other way of passing laws because of want of any legislature . So, that point stands answered there, Sir. Then I would like to ask them that in principle we are against Ordinances and particularly unless it is a matter of very urgent importance and that the National Assembly does not meet at an early date. Here, both the things do not exist. Even they have been in power since

[Mr. Ahmedmian Soomro]

ten months and if it was so important then why could they not bring a legislation in the National Assembly. They could have passed it there and sent it to us and we would have considered it on merits, as the Senate has always been doing. Here, he has seen now that we have passed two of his Bills in hardly five minutes because they were good, anything good they bring, this has been the policy of the Senate whether in the previous government or in the present government. Let them feel the Senate as really an Upper House, which deals with any thing on merits. Therefore, Sir, they have come into power since December, 1988. and many sessions have been held and they have never thought of this change and merely because they can and they are going to start naming everything peoples. Another party will come, if tomorrow the Muslim League comes, they will say the Muslim League Act. Are they going to name Islamabad also Peoples Abad? This is not the question, this is not the criterion. There is no reason. We oppose Ordinances being issued in matters where it is not necessary and not very urgent. Let it come through the proper course. That is my submission, Sir.

Mr. Chairman: Thank you.

Now I will put this resolution to vote.

It has been moved by Mr. Ahmedmian Soomro that:

"This House disapproves Ordinance No. VIII of 1989 seeking further to amend the Small Business Finance Corporation Act, 1972".

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The Ordinance stands disapproved.

That concludes the legislative buiness for the day.

Now we go back to adjournment motions. There are actually on the agenda certain adjournment motions. I just want to know whether the honourable Members are interested in them. Actually I had placed these on the agenda to get

the views of the House so that if it is felt that they are no longer relevant, we could drop them.

(Interruptions)

Mr. Chairman: Mr. Ahmedmian Soomro, Mr. Muhammad Ali Khan I would like to have your attention. Actually I had placed certain adjournment motions on the agenda. The primary purpose was that if it is the opinion of the House that these adjournment motions are no longer relevant then instead of keeping them on the file we should dispose them of and come to the important business which is current.

The first adjournment motion is by Prof. Khurshid Ahmed on the high-handed policies of Israeli Forces in occupied Palestine. یہ ۲۷ جنوری ۸۸ء کا ہے۔

Mr. Muhammad Ali Khan: It has lost its urgency.

Mr. Chairman: So we will drop this. Agreed?

(Agreed)

Mr. Chairman: Next is by Mr. Javed Jabbar again moved on 27th January, 1988, on the intrusion of Israeli Forces into Al-Aqsa Mosque.

(Pause)

Mr. Chairman: This is also overtaken by events, so we will drop this. Next is adjournment motion moved by Mir Sohrab Khan Khoso on the seizure of National flag carrier M.V. Multan of PNSC at U.S. port of Baltimore carrying 7 kilos of heroin. It is dated 11th August, 1988.

Mr. Muhammad Ali Khan: It is an old one.

جناب چیئرمین: اسکو بھی Drop کر دیں۔

Mr. Muhammad Ali Khan: Yes, may be dropped.

Mr. Chairman: Dropped.

[Mr. Chairman]

Next adjournment motion is dated 11th December, 1988, by Prof. Khurshid Ahmed and Mr. Muhammad Tariq Chaudhary on the firing of Police on the Muslims in occupied Jammu and Kashmir resulting in death of 8 persons and injuries to 40 others.

Mr. Ahmedmian Soomro: May be dropped.

جناب چیئرمین: drop کر دیتے ہیں۔

جناب محمد علی خان: جی ہاں۔

Mr. Chairman: We should clear the record so that we come to more urgent issues.

Now we take up the adjournment motion which has been admitted.

Mr. Ahmedmian Soomro: May I make a request.

Mr. Chairman: Yes please.

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, as regards that adjournment motion of mine I may only be allowed to move it so that it does not lapse because I believe the session is being prorogued. So, if I have your permission and that of the House today, I would just move it so that it remains on record.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Sir, if one adjournment motion is admitted, others cannot be taken up.

Mr. Chairman: It cannot even be moved?

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: There is no provision.

(Interruptions)

جناب چیئرمین: دیکھ لیتے ہیں اگر آپ کی بات صحیح ہے رول کون سا ہے جی جناب رول ذرا پڑھ دیں۔ ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: مجھے یاد ہے یہ رول ۷۹ ہے۔

It says:

"79. Notwithstanding anything contained in this Chapter, not more than one motion shall be admitted on any one day; but motions, if any, remaining unconsidered as regards their admissibility shall be held over for the next day and shall be taken up in the same order in which they were received".

(*Interruptions*)

جناب چیئرمین، ڈاکٹر صاحب کی ذرا بات سمجھ لیں۔ ڈاکٹر صاحب یہاں لکھا ہوا ہے۔

"Notwithstanding any thing contained in this chapter, not more than one motion shall be admitted on any one day".

ٹھیک ہے جی ایک admit ہو گئی

So, we cannot admit another one.

آگے rule کہتا ہے۔

"...but motions, if any, remaining unconsidered as regards their admissibility shall be held over for the next day and shall be taken up in the same order in which they were received".

سومرو صاحب اس میں دو تین problems ہیں

One because your motion will have to be taken out of turn.

ایک وہ problem ہوگا۔ پھر یہ Rule 79 کی problem ہے So why do not you repeat it آپ اس کو اگر دوبارہ لینا چاہتے ہیں تو اس کو آج ہی repeat کر دیں۔

Mr. Ahmedmian Soomro: The problem in repeating is that it will not be a recent occurrence.

جناب چیئرمین: No No آپ آج ہی move کر دیں۔ It is a recent occurrence اگر prorogue ہوتا ہے اور اس تو آج ہی move کر دیں۔

Mr. Ahmedmian Soomro: I accept it, Sir.

جناب چیئرمین: آج ہی move کر دیں We will take it.
جی ڈاکٹر شیر افگن صاحب ٹھیک ہے۔

We accept your point of order.

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر جناب۔

جناب چیئرمین: جی جناب قاضی عبداللطیف صاحب۔

قاضی عبداللطیف: میں یہ گزارش کروں گا۔ آپ کی توجہ اس کی طرف مبذول کراؤں گا کہ یہ آج چار تحریکات تقریباً ختم کر دی گئی ہیں۔ زائد المیعاد ہونے کی وجہ سے یا ان کا فائدہ ختم ہونے کی وجہ سے۔ کم از کم قواعد کا اتنا تو خیال کیا جائے کہ جو تحاریک پیش کی جاتی ہے اور وہ وقت کی اہمیت کے لحاظ سے انتہائی اہم ہوتی ہیں تاکہ کم از کم وہ ڈیڑھ سال کے بعد تو نہ آنے پائیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی۔ میرے خیال میں یہ آپ کی بات بہت مناسب ہے۔ کوئی طریقہ کار ایسا کرتے ہیں کہ جو admit ہو جائے اس کے لیے ہم اپنے اندرونی setup میں کوئی time fix کر دیں کہ اتنے دنوں میں ضرور آنی چاہیے۔

قاضی عبداللطیف: مہربانی۔

Mr. Chairman: Any thing else? So, we proceed with the adjournment motion.

جناب بہرہ ور سعید صاحب۔

میر حسین بخش بنگلزئی: جناب چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے۔

جناب چیئرمین: جی آپ نے جانا ہے۔

میر حسین بخش بنگلزئی: جی ہاں اگر آپ مجھے اجازت دیں۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں اجازت دے دیں بنگلزئی صاحب جانا چاہ رہے ہیں۔ جی جناب بنگلزئی صاحب۔

DISCUSSION ON THE MOTION RE:HOISTING OF SINDU DESH FLAG AT SUKKAR AIRPORT BUILDING

میر حسین بخش بنگلزئی: بڑی مہربانی۔ جناب چیرمین۔ قوموں کی زندگی میں قوموں کی تاریخ میں قوموں کی تہذیب میں ایک باعزت معاہدہ ہوتا ہے آپس میں رہنے کا جینے مرنے کا اور آپس میں زندہ رہنے کا۔ اس معاہدہ کا نام آئین ہے اور اس معاہدہ کا symble اس ملک کا قومی جھنڈا ہے آج مجھے انتہائی دکھی دل کے ساتھ اپنے جذبات کا اس انداز میں اظہار کرنا پڑ رہا ہے کہ جس کے لیے جس قدر تاسف کیا جائے بہت کم ہے۔ جناب والا! اگر میرے ملک کا جھنڈا جو کہ میری عزت ہے اور میری شناخت کا نشان ہے اپنے ملک کے اندر بھی اور بین الاقوامی دنیا میں بھی۔ جناب میرے ملک کے جھنڈے کو قومی دن پر ایک قومی جذبے کے ساتھ جب میری افواج March past کرتے ہوئے ڈائس کے سامنے سے گزرتے ہوئے سلامی دیتے ہیں تو فرط مسرت سے فخر سے میری قوم کے لوگ اس جھنڈے کے احترام میں کھڑے ہو جاتے ہیں اور فرط جذبات سے اس جھنڈے کے احترام میں ان کے آنسو نکل آتے ہیں اور یقیناً ایک زندہ قوم کے جذبات اپنے قومی جھنڈے کے متعلق یہی ہونے چاہئیں۔

جناب والا! اس میں کوئی شک نہیں کہ ۱۹۷۳ کے متفقہ آئین میں ملک کے اندر رہنے والے تمام طبقوں کے لیئے ان کی زبان کے لیئے ان کی تہذیب کے لیئے ان کے رسم و رواج کے لیے باقاعدہ provisions موجود ہیں کسی بھائی کو کسی دوست کو ملک کے اندر رہتے ہوئے اگر کوئی شکایت ہو تو اس شکایت کا ایک proper forum موجود اس صوبے کی اسمبلی موجود ہے ملک کے اندر قومی اسمبلی موجود ہے اور جناب والا! سب سے بڑا ہاؤس سینیٹ کے نام سے موجود ہے یہ فورم تمام شکایات کے ازالے کے لیئے موجود ہیں۔

[At this stage the Chair was vacated by the Chairman and occupied by the Presiding Officer Mr. Sartaj Aziz].

میر حسین بخش بنگلزئی: میں یہ سمجھتا ہوں کہ منتخب اسمبلی سے بڑھ کر فورم کوئی دوسرا فورم قطعاً نہیں ہو سکتا۔ لیکن اگر ملک کے اندر کچھ شوریدہ سر لوگ ملک کی بنیادی اساس کو چیلنج کرنا چاہیں اور اپنی اس نیت بد کا اظہار کرنا چاہیں تو جناب چیئرمین! نہ اس ملک کے آئین میں ان کے لیے کوئی گنجائش ہے نہ اس ملک کے محب وطن عوام کے سینوں میں ان کے لئے کوئی احترام ہے۔ آج اس سے بڑھ کر اس ملک کی بنیادی اساس کو چیلنج کرنے کا کوئی دوسرا نمونہ پاکستان کی تاریخ میں ہمارے سامنے نہیں آیا آج ببانگ دہل اس بات کا اعلان کیا جا رہا ہے کہ ملک کے اندر سیاسی جماعتوں کی بنیاد پر منتخب اسمبلیاں موجود ہیں اور اس سے کوئی انکار نہیں اور پھر اتفاق یہ ہے کہ برسر اقتدار پیپلز پارٹی کی صوبائی اسمبلی کے اندر بھی حکومت ہے اور بلا شرکت غیرے ہے ان کا دعویٰ ہے کہ سندھ کے عوام نے federation کو ووٹ دیا ہے پیپلز پارٹی کے پروگرام کے حوالے سے اگر سندھ کے عوام نے وفاق پاکستان کو ووٹ دیئے ہیں تو یقیناً مجھے ان کے اس جذبے کا بہت احترام ہے

لیکن آج اس منتخب حکومت کی موجودگی کے باوجود اس صوبے کے اندر یہ اعلان کیا جاتا ہے۔ جناب چیئرمین! یہ بات record پر موجود ہے کہ جناب جی ایم سید صاحب نے سندھ کی علیحدگی کے لئے روس سے گزارش کی ہے اور ان کی یہ نامعقول تجویز اس دربار سے مسترد ہو چکی ہے انہوں نے اپنے ان ناپاک عزائم کے لیے ہندوستان کے سامنے بھی اپنا کاسہ گدائی پیش کیا مگر یہ ادھر سے بھی مسترد ہوا ہے اور آج میں آپ کی وساطت سے اس forum پر اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ناپاک عزائم پاکستان کے محب وطن عوام کی طرف سے بھی نامنظور اور نامنظور ہیں۔

جناب والا! ہم کسی کی شکایت سننے کے لیے تو ہمہ وقت تیار ہیں ان کی شکایات کے ازالے کے لئے پورے ملک کی خدمات موجود ہیں لیکن اگر کوئی شخص، یا اگر کوئی جماعت اس ملک کی بنیادی اساس کے ساتھ کھیلنے کا پروگرام بنائے تو نہ آئین اور نہ پاکستان

کے عوام اور نہ اس غیور قوم کا ضمیر اس قسم کے عزائم کو برداشت کر سکتا ہے اور نہ اس بات کی اجازت دیتا ہے اور نہ اجازت دی جائے گی یہ واضح بات ہے۔ جناب والا! کہا یہ جاتا ہے کہ جی ایم سید کو ہندوستان جانے کی اجازت آج سے پہلے کی حکومت نے دی لیکن میں اس سوال کے جواب میں ان زعمائے کرام سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ الیکشن کے اندر، الیکشن کے حوالے سے جی ایم سید کی جماعت کے ساتھ ۔۔۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: جناب والا! اس وقت ایوان میں کوئی وزیر صاحب موجود نہیں ہیں - اور کوئی نوٹس نہیں لے رہا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے جی میں ان کو پیغام بھیج دیتا ہوں، بنگلزئی صاحب آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔

میر حسین بخش بنگلزئی: میں عرض یہ کر رہا تھا کہ پیپلز پارٹی نے جی ایم سید کی جماعت کے ساتھ جو election compromise کیا اس کا جواب پیپلز پارٹی کے پاس کیا ہے اور اخبار کے اندر جناب جی ایم سید کا بیان واضح طور پر ہے کہ میں بنظیر کی پارٹی اور اس کی حکومت کے خلاف نہیں ہوں اگر میں کسی کے خلاف ہوں تو وہ پاکستان کا وجود ہے اگر میں کسی چیز کے خلاف ہوں تو وہ اس ملک کی سالمیت ہے۔ اور جناب یہ بات اس دن ہوتی ہے جس دن محترمہ وزیر اعظم بنگلہ دیش میں مذاکرت کے لیے موجود ہوتی ہیں کیا پیپلز پارٹی اور جی ایم سید کا پس پردہ کوئی اس قسم کا خفیہ معاہدہ تو نہیں ہے اور یقیناً اس کو جب آپ thrash out کریں گے تو یہ شک کرنے میں ہر آدمی حق بجانب ہوگا کہ under the table ہاتھ ملا کر کہ ایک section ایک کام کرے اور دوسرا section دوسرا کام کرے پیپلز پارٹی ملک پر حکومت کرے جی ایم سید اسی حکومت میں رہتے ہوئے اس ملک کے خلاف سازش کرے جناب والا! یہ سازش ہے، جناب والا! یہ اس ملک کی بنیادی اساس کے لیے چیلنج ہے، جناب والا! پاکستان کے اس جھنڈے کی بے حرمتی اور بے عزتی ہر غیور اور باعزت

[Mir Hussain Baksh Bangulzai]

پاکستانی نے بڑے دکھی دل کے ساتھ محسوس کی ہے اور ان احساسات کے ساتھ میں یہ سمجھتا ہوں کہ کسی باشندہ کوئی بھی ہو، جہاں بھی ہو، جس جماعت کا ہو، آئین پر عمل کرتے ہوئے کسی کے لیے یہ قطعاً گنجائش نہیں کہ وہ اس ملک کی سالمیت کے ساتھ کھیلے یہ جرأت لوگوں کو کیسے ہو سکتی ہے اگر کسی کو جرأت ہو سکتی ہے تو صرف اس وجہ سے کہ حکمران جماعت under the table ان کے ساتھ شامل ہے۔

جناب والا! انہی اخبارات کے اندر یہ بات بھی آئی ہے آپ نے بھی پڑھا ہو گا اور کسی نے پڑھا ہو گا کہ اس جلوس کے اندر سرکاری ملازمین بھی تھے اور اس جلوس کے اندر سرکاری گاڑیوں کا بھی استعمال ہوا ہے بقول اخبار کے اگر اس جلوس کے اندر سرکاری ملازمین بھی تھے اور سرکاری گاڑیاں بھی استعمال ہوئیں تو اس کے بعد اپنے بغل بچہ صوبائی حکومت اور اسمبلی کو بغل میں پیار کر کے اس کو زندہ رکھنا میں یہ سمجھتا ہوں کہ جمہوری تاریخ کے حوالے سے یقیناً پیپلز پارٹی کے لیے ایک بدترین مثال ہے اگر آپ اس ملک میں جمہوریت چاہتے۔ اگر آپ اس ملک کی سلامتی میں یقین رکھتے ہیں تو کم از کم اس صوبائی حکومت کو از خود اس واقعہ کے بعد اپنی نالائقی پر ندامت کے حوالے سے مستعفی ہو جانا چاہیئے تھا۔ وہ مستعفی اس لیے نہیں ہوتے کہ انہوں نے جمہوری روایات اس ملک کے اندر قائم کرنی ہی نہیں کیونکہ ان لوگوں نے اس بات کو تو اپنا وتیرا بنا رکھا ہے کہ جمہوریت کا تو ڈھنڈورا پیٹیں گے لیکن ملک کے ساتھ جو لوگ غداری کرنا چاہیں گے ان کو ہم اپنی بغل میں جگہ دیں گے لہٰذا جناب والا! میں پاکستان کے دس کروڑ عوام کی طرف سے آپ کی وساطت سے اس forum پر یہ اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ ملک کے بنیادی احساس کے ساتھ کھیلنے والی کسی بھی قوت کو برداشت نہیں کیا جائے گا خواہ اس قوت کو حکومت کی سرپرستی ہی کیوں نہ حاصل ہو۔ یہ بات واضح ہے لہٰذا ان الفاظ کے ساتھ میں یہ گزارش کروں گا کہ سندھ کی کابینہ کو اظہارِ ندامت کے طور پر مستعفی ہونا چاہیے اور پاکستان کے جھنڈے کی بے حرمتی کرنے والوں کو ملک کے قانون اور آئین کے مطابق کیفر کردار تک پہنچایا جانا

چاہیئے شکریہ!

جناب پریزائیڈنگ آفیسر: اعجاز علی خان جتوئی۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: شکریہ جناب چیئرمین! ہم یہاں ایک ایسے واقعہ پر discussion کر رہے ہیں جو ہم سب کے لیے کافی اہم ہے اور ہمیں کئی واقعات کو آپس میں ملانا پڑے گا۔ آج جو میں بیان کرنے جا رہا ہوں وہ کچھ کڑوی حقیقتیں ہیں جو ہم سب کو سننے کے لیے تیار رہنا چاہیئے سب سے پہلے جناب میں آتا ہوں۔ آئین میں آرٹیکل ۶ موجود ہے اور آرٹیکل ۶ یہ کہتی ہے۔ کہ کوئی بھی پاکستان میں رہنے والا شہری یا وہ کسی بھی عہدے پر فائز اگر وہ آئین کو abrogate کرتا ہے یا اس کو subvert کرتا ہے تو اس کو سزا دی جا سکتی ہے۔ چلیں جناب شروع کرتے ہیں ۱۹۵۸ء سے۔ ۱۹۵۸ء میں سب سے بڑا مجرم جنرل ایوب خان تھا۔ اس نے ملک پر فوج کی بالادستی قائم کرتے ہوئے اس ملک کے آئین کو توڑا۔ اس کے بعد جناب یحییٰ خان۔ یحییٰ خان نے اس ملک کے اس وقت کے East Pakistan کو تڑوایا شیخ مجیب الرحمٰن کے چھ نکات کے بارے میں پہلے بھی اس floor پر کہہ چکا ہوں کہ ان میں کہیں بھی آزادی کی بات نہیں تھی اس نے صرف Ambassadors کی list مانگی تھی کہ کتنے پاکستان کے Ambassadors باہر job کرتے ہیں۔ اور اس نے Right of rule مانگا تھا کیونکہ چھوٹا صوبہ اگر مغربی پاکستان ۳۰ سال تک مشرقی پاکستان پر حکومت کر سکتا تھا۔ اپنی بالادستی مسلط کر سکتا تھا تو پھر ایسٹ پاکستان کو بھی یہ حق تھا کہ وہ الیکشن جیتنے کے بعد اس پورے پاکستان پر حکمرانی کرے اور ہم نے اسی دن سے یہ تہیہ کر لیا تھا کہ نہیں ہم اقتدار میں ان کو share نہیں دیں گے ہم اپنی حکمرانی اور ہماری فوج اور civil bureaucracy کی بالادستی کو ہم touch کرنے نہیں دیں گے اور نتیجہ یہ نکلا کہ آپ نے دیکھا کہ وہ ایسٹ پاکستان ہم سے الگ ہو گیا اکثریت اقلیت کو چھوڑ کر بھاگ گئی دنیا کی کسی تاریخ سے مجھے مثال دکھائیں کہ اکثریت اقلیت کو چھوڑ کر بھاگ گئی ہو پھر واقعات وہیں نہیں رکتے آگے چلتے ہیں جناب

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

جنگ لگتی ہے اور اس کے بعد ایک لاکھ ہمارے فوجی یہاں امیر المومنین کی ایک لاکھ فوج surrender کرتی ہے اور اسی میں جنرل نیازی ٹائیگر نے surrendor کیا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس وقت قابل شرم بات تھی۔ ایک لاکھ فوج surrendor کرے جب کہ ویت نام میں کئی سالوں تک آپ نے دیکھا کہ منظم طریقے سے ویتنامیوں نے Imperial force کو کچلا اور شکست فاش دی اور ان کو وہاں سے بھاگنا پڑا ہماری ایک لاکھ فوج نے surrendor کیا۔ آدھے سے زیادہ ملک گنوایا اس کے بعد یہاں پر آ کر یہ کہا گیا ۳۰ لاکھ انسانوں کا قتل کیا گیا کونسے آئین اور قانون اور اسلام کے تحت آپ نے ۳۰ لاکھ بنگالیوں کا قتل کیا۔

میں تو پوچھتا ہوں کہ آرٹیکل ۶ کے تحت غداری کا مقدمہ اگر چلانا ہے تو سب سے پہلے ہماری ۶ لاکھ فوج ہے اس پر چلائیے اس کے بعد civil bureaucracy پر مقدمہ چلائیں اس کے بعد پھر سیاستدان آتے ہیں اس کے بعد پھر یہاں پر جو کوئی بھی غداری کرتا ہے آپ پہلے back ground دیکھیں کہ کیا ہے میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ اس فوج کو جس نے آدھے سے زیادہ ملک گنوایا ۹۰ ہزار فوجیوں کو یہاں واہگہ کے border پر آ کر جو ہماری سینئر وفاقی وزیر ہیں انہوں نے بڑے عزت و احترام کے ساتھ انہیں receive کیا اور یہ کہا کہ یہ تو ہمارے فاتح ہیں یہ تو اپنے ملک کے لیے لڑ لڑ کر P.O.W's ہوئے اور اب پہنچے ہیں جناب باتیں باتیں نہیں، آدھے سے زیادہ ملک انہوں نے گنوایا تھا مجھے آپ تاریخ کی مثال بتائیں کہ کونسی تاریخ میں وہ فوج جس نے ملک گنوایا ہو اس کو regular کیا جائے اور وہ فوج P.O.W's رہ چکی ہو اس کے بعد جناب آگے چلتے ہیں ایک stooge گورنمنٹ بنا دی گئی کون سے آئین کے تحت یہاں stooge گورنمنٹ بنی آدھے سے زیادہ ملک لوٹ گیا یہاں پر پیپلز پارٹی کٹ پتلی حکومت بن گئی نہ الیکشن ہوئے نہ ہمارے ووٹ کا تقدس بحال ہوا۔ ہم نے تو مشترکہ پاکستان کے تحت ووٹ دیا تھا آپ نے تو آدھا پاکستان گنوا دیا تھا اس debacle کے بعد یہاں پر نئے الیکشن ہونے

چاہتیں تھے الیکشن نہیں ہوئے فوج اور civil bureaucracy کو جو آدمی اپنا بالادست سمجھتے ہوئے اس کا دلال بننے کے لیے تیار تھا اس کو یہاں پر Prime MInistry ملی اس کے بعد آگے چلیں اس کے بعد جناب حقوق مانگے گئے بنگالیوں نے حقوق مانگے تیس لاکھ آدمی مروائے اور غدار کہہ کر ان کو یہ Certificate دیکر ہم نے نکال دیا اور کہا کہ شکر ہے کہ پاکستان بچ گیا۔ پھر جناب بلوچستان اٹھتا ہے وہاں نیپ کی گورنمنٹ بنتی ہے اسی کٹ پتلی System پر اور وہاں کے نمائندے Autonomy demand کرتے ہیں۔ وہ بولتے ہیں کہ ہم اپنے منصوبے کے حکمران ہیں ہمیں یہ right ہے کہ ہم اپنے صوبے میں کوئی بھی نظام رائج کریں. اس وقت کے وزیراعظم کو بات پسند نہیں آتی ہے اور وہاں پر وہ فوج کشی کرتا ہے .۴ ہزار آدمی مارے جاتے ہیں اس کے بعد آپ یہ کہیں کہ بلوچستان والے بھی غدار تھے اور آپ کو مجبوراً ۴۰ ہزار آدمی مارنے پڑے۔

پھر جناب سندھ کی طرف آتے ہیں سندھ کی تو اپنی ایک history ہے۔ سندھ ۱۹۴۷ء والا وہی سندھ ہے ۱۹۳۸ء والا وہی سندھ ہے قائداعظم صاحب کو پنجاب کے ریلوے اسٹیشن پر اترنے نہیں دیا گیا پنجاب میں یونینسٹ گورنمنٹ تھی کسی بھی مسلم صوبے میں مسلم لیگ گورنمنٹ نہیں تھی ہم نے پہلے قبول کی کسی بھی صوبے نے ۱۹۴۷ء والا resolution adopt نہیں کیا ہماری اسمبلی نے پہلے adopt کیا اسی سندھ کو آپ آج کھڑے ہو کر کہتے ہیں کہ یہ غدار ہے یہ سب کے سب سندھی ہیں ان کو مار دیں میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح غداری کا سرٹیفکیٹ بانٹیں گے تو آگے چل کر آج سے ۱۰ سال بعد اس ملک کے ۱۰ کروڑ عوام غدار ہونگے پھر آپ غداری کا certificate نہیں بانٹ سکتے ہیں کیونکہ آپ نے یہ سسٹم غلط چلایا ہوا ہے. غداری کا certificate عوام دیں گے میں یہاں کھلے عام کہتا ہوں کہ پہلے غداری کا مقدمہ جنرل اور کرنل اور فوج پر چلائیں کیونکہ انہوں نے کسی بھی Institution کو اس ملک میں نہیں چلنے دیا ہے پھر آپ Civil bureacracy پر چلائیں کیونکہ وہ

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

سازشیں کر کے ہر نظام کو گراتے رہے پھر جناب آتے وہاں پر سندھ میں علیحدگی
کی تحریک پھر میں ان حضرات سے پوچھتا ہوں کہ سندھ میں آج علیحدگی کی تحریک شروع ہو
گئی ہے ۱۹۸۳ء میں کیا تھا ۱۹۸۳ء میں ایم آر ڈی کی تحریک کی وجہ سے آج یہ وزیراعظم
بنے ہیں ان کے ساتھ جو اگر انتظاروں میں بیٹھے ہوئے ہیں ہاروں والی گاڑیاں ان کے آگے پیچھے چلتی
ہیں میں ان سے پوچھتا ہوں کہ ۱۹۸۳ء میں ایم آر ڈی کی تحریک میں علیحدگی پسندی تھی ۱۹۸۳ء
کی تحریک میں سندھو دیش کا slogan تھا یا نہیں۔ اس وقت ہم مانگ رہے تھے۔

restoration of democracy for the whole Pakistan صرف سندھ
کی بات نہیں کر رہے تھے اور افسوس کی بات ہے کہ اس وقت نہ پنجاب نہ فرنٹیئر نہ
بلوچستان اس تحریک میں شامل ہوا۔ ڈھائی districts اگر پنجاب کے آئے ہوتے گے
تو میں اس کو نہیں کہتا ہوں لیکن یہ ایک تحریک ایم آر ڈی کی تحریک تھی اور اس کا
aim یا clear object تھا اس میں restoration of democracy) تھی اس میں
ہماری اسی مہربان فوج نے ایک ہزار آدمی مارے (کیا بات کرتے ہیں آپ؟
یہ تو known factors ہیں آپ، ذرا وہاں دیکھیں جناب نیشنل ہائی وے کو بلاک کر
کے ایجیٹیشن کیا گیا سیاسی تحریکیں ہوتی ہیں اس میں ہائی ویز بھی بلاک ہوتی ہیں۔ کافی
means ایجی ٹیشن کے استعمال کیے جا agitation تو Democracy کا ایک
حصہ ہے۔ لوگ قرآن شریف پڑھ رہے ہیں بیچ روڈ کے بنوں اور چانڈیو کے
سامنے گاؤں کے۔ وہاں قرآن شریف پڑھتے ہوئے لوگوں پر trucks چلا دیئے
گئے یہ میں قرآن شریف کو حاضر ناظر کر کے بات کہتا ہوں وہاں trucks چڑھا دیئے گئے
یہ نواب شاہ میں لاشیں پہنچیں اور وہ شہید قرآن شریف جن پر trucks چڑھے ہیں
ان پر خون لگا ہوا تھا اور وہاں نواب شاہ کے ہسپتال میں موجود ہیں کونسی جمہوریت وہ جمہوریت
جس جمہوریت سے ہمیں ہر روز interior Sindh لاشیں پہنچتی ہیں یہ کیا ہے؟ بنگال میں
آپ نے الشمس اور البدر بنا دیں سندھ میں آپ نے ایم کیو ایم بنا دی سندھ میں
آپ نے پی پی آئی بنا دی کسی بھی صوبے میں ایسی حالت نہیں ہے میں قابل احترام سینیٹرز

سے عرض کرتا ہوں کہ اگر پنجابی کو پنجاب میں اقلیت میں تبدیل کیا جائے بلوچی کو بلوچستان میں اقلیت میں تبدیل کیا جائے پٹھان کو سرحد میں اقلیت میں تبدیل کیا جائے تو وہ نہیں مانیں گے۔ آپ کسی کی ثقافت مسخ کریں آپ کسی کی زبان مسخ کریں۔ آپ کسی کی ثقافت ختم کریں آپ کسی کی زبان کو ختم کریں آپ کسی کے سارے کے سارے حقوق چھین لیں اور پھر کہیں کہ ہم مسلمان بھائی ہیں، کوئی بات نہیں ہے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہمیں شکایات ہیں۔

میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ جناب سندھ کے حالات کو آپ زبردستی اور گولی چلا کر نہیں سدھار سکتے ہمیں پتہ ہے کہ ہمیں اشتعال دلایا جا رہا ہے ہمیں پتہ ہے کہ پریس کی طرف سے اشتعال دلایا جا رہا ہے ہمیں پتہ ہے کہ ہمیں ایم کیو ایم کی طرف سے اشتعال دلایا جا رہا ہے ہمیں پتہ ہے کہ یہاں مختلف ایجنسیاں کام کر رہی ہیں کہ سندھیوں کو مجبور کرو کہ وہ سڑکوں پر نکلیں اور پاکستان کے خلاف بات کریں تاکہ ہم کوئی Army operation کریں اور یہاں بھی بیس لاکھ آدمی ماریں یہ ایک منصوبہ ہے جس کی واضح مثال جنرل اسلم بیگ صاحب کا وہ بیان ہے جو انہوں نے ابھی تازہ بیان دیا ہے کہ ہم تین دن کے اندر حالات ٹھیک کر سکتے ہیں۔ جناب تین دنوں میں حالات ٹھیک نہیں ہو سکتے چالیس سال کے ظلم کی جو داستان ہے وہ تین دنوں میں ٹھیک نہیں ہو سکتی چالیس سال کی زیادتیاں جو ہیں وہ آپ تین دنوں میں ٹھیک نہیں کر سکتے تین دن میں آپ کس طرح ٹھیک کر سکتے ہیں آپ گولی چلائیں آپ لوگوں کو ماریں جس طرح بنگال میں آپ نے کیا ہے اور پھر آپ کو پتہ ہے کہ جب گولی چلتی ہے جب جنگ ہوتی ہے تو ہر چیز تباہ ہو جاتی ہے ہم تو بات یہ کر رہے ہیں کہ بھئی پاکستان تو ہم نے بنایا تھا یہی جی ایم سید تھا یہی جی ایم سید مسلم لیگ کا تھا۔ یہی جی ایم سید قائد اعظم کا معتقد اور کارکن تھا یہی جی ایم سید جو سارا وقت مسلم لیگ کے لئے بھاگ دوڑ کر کام کرے یہی جی ایم سید جس نے منزل گاہ پر احتجاج کر کے یہاں سے ہندوؤں کو نکالا کیا آپ نے سوچا ہے کہ یہ کیوں آج خلاف ہوا ہے یہ جو نوجوان ہیں یہ آج کیوں اس طرح کی بات کرتے ہیں آپ نے کبھی دانشمندی سے یہ بات سوچی ہے کبھی آپ نے پانچ منٹ بیٹھ کر یہ سوچا ہے کہ آخر کار سندھ کے ان حالات کو ہم کس طرح سنوار سکتے ہیں ہم کس

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

طرح ٹھیک کر سکتے ہیں اگر آپ کسی کی زبان چھین لیں کسی کی ثقافت چھین لیں کسی کے حقوق چھین لیں اِن کو تباہ کریں اپنے ہی صوبے میں وہ یتیم بنے پھریں اپنے ہی صوبے کے شہروں میں روز ان کی لاشیں پہنچیں۔ یعنی ہم تو جناب جمہوریت کی دیوی کو بلیدان دے رہے ہیں۔ جمہوریت کی دیوی جو ۱۹۸۸ کے انتخابات میں جیت کر آئی اُس دیوی کے لیے ہمارا روز کوئی نہ کوئی سندھی کٹتا ہے جھگڑا ان کا اے پی سی اور ایم کیو ایم کا آپس میں۔ نتیجہ سات آدمی سندھی شہید ہو جاتے ہیں جھگڑا ان کا آپس میں کراچی میں مرتے ہم ہیں یعنی صرف سندھ نے جمہوریت کے چلانے کا ٹھیکہ اٹھایا ہے، جو نشتوں کے اوپر جس طرح ہمارے ساتھ یہ سودا کیا گیا جس طرح ہمیں یرغمال کر کے بیچا گیا ایم کیو ایم کے ہاتھوں ہم کہتے ہیں کہ جناب یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے ایک ذمہ دار افسر صوبے کے ایک ڈی آئی جی نے وہ سندھی نہیں ہے Frontier کا ہے اس نے ایک ذمہ دارانہ رپورٹ بنائی ہے اور اس میں کہا ہے کہ ایم کیو ایم Fascist terrorist اور Raw کی agent ہے سندھ حکومت نے اس کی تردید کی آیا حکومت پاکستان اس کو نظر انداز کرے گی پھر اس کے بعد یہ کہا جائے کہ کراچی حیدر آباد بدین ٹھٹھہ اور لسبیلا یہ پورے کا پورا ٹکڑا free economical zone بنایا جائے گا ایک منصوبے کے تحت غیر مہاجر لوگوں کو وہاں سے نکالا جا رہا ہے کہ یہ Free Industrial Economical Zone بنے جس کی پاکستان کے ساتھ Confederation ہو گی جناب میرے پاس کتاب موجود ہے جو پلان سائنسی طور پر تیار کیا گیا ہے۔

جب ہمارے صوبے میں یہ زیادتیاں ہوں گی تو آپ کیا کہتے ہیں کہ سندھی یہاں آ کر آپ کو پھولوں کا ہار پہنائے گا جو فوج ہماری فوج نہیں ہے جس فوج نے ہمارے ساتھ برتاؤ یہ کیا ہے جناب والا! میں آپ کو بتاتا ہوں واقعات، سیتا شہر ہے میرے ضلع کا وہاں پر ابھی آج سے کوئی دو مہینے پہلے رینجرز جو ہیاں سے جاتے ہیں وہ حاکمانہ ذہنیت سے کر جاتے ہیں اور وہاں پر فوج کو اور Rangers کو تربیت دی جاتی

ہے کہ جب سندھ میں جاو تو وہ انسان نہیں کہتے ہیں ان کے ساتھ اس طرح کا سلوک کرو: میں آپ کو ہزاروں مثالیں دے سکتا ہوں لیکن Rangers کی گاڑی جب سیتا شہر میں آتی ہے تو ایک غریب آدمی سر پر گھاس اٹھا کر لے جا رہا تھا اس کو ٹکر لگ جاتی ہے اس کو جب ٹکر لگ جاتی ہے وہ گرتا ہے بے ہوش ہو جاتا ہے سارے شہر کے سامنے وہ Rangers بولتے ہیں کہ اس کو ہم ہسپتال لے جا رہے ہیں اس کی راستے میں موت واقع ہو جاتی ہے میں یہ حلفیہ کہتا ہوں میں قرآن شریف کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ انہوں نے جس آدمی کی موت واقع ہوئی تھی اس کو نہر میں ڈال دیا چھ دن کے لبعد وہ لاش ملی جب اس کے رشتہ دار وہاں اس کی رپورٹ کرنے کے لیے گئے تو وہاں پر مقامی پیپلز پارٹی اور administration نے کہا کہ یار Rangers والے بول رہے ہیں کہ کیا ہے ایک انسان مر گیا کیا فرق پڑتا ہے یہ طریقہ ہم سے کیا جاتا ہے۔ اسی لیے ہم نے پاکستان بنایا تھا اس لیئے آپ آج پاکستان کے مامے اور چاچے بن گئے ہیں کہ آپ بولتے ہیں کہ نہیں ہم۔ تو پاکستان کے ٹھیکیدار ہیں جناب ہم تو آپ کو پاکستان کے ٹھیکیدار نہیں مانتے۔

جناب اس طرح یہ بات نہیں چلے گی آپ ہم سے زیادتیاں کرتے جائیں اور آپ کہتے جائیں کہ نہیں یہ بھی غدار ہے، یہ بھی غدار ہے، کل کو سندھ غدار ہے، تو کر ہے پاکستان بچ گیا، پھر تین صوبے بچ جائیں گے کل پھر دو صوبے بچیں گے، اس طرح یہ معاملہ نہیں چلے گا، معاملہ اس طرح چلے گا کہ سندھ سے بیٹھ کر پوری بات کریں چاروں صوبے اپنی اپنی LeaderShip پیدا کریں یہ معاملہ سیاسی طور پر سلجھانے کا ہے یہ معاملہ ایک دوسرے کے نقطہ نظر کو سننے کا ہے ہم کیا کہتے ہیں۔ آپ کیا کہتے ہیں ہمارے ساتھ ہزاروں زیادتیاں کی گئی ہیں۔ ڈاکوؤں کے نام پر میں آپ کو عرض کروں جناب عورتوں کی بے عزتی کی جاتی ہے اگر میں آپ کو کہوں کہ ایک کرنل جو میہار میں posted تھا وہ زنا بالجبر کے کیس میں ملوث تھا کیا آپ کا اسلام ان چیزوں کی اجازت دیتا ہے کہ آپ جا کر وہاں کسی بھی صوبے میں زنا بالجبر کریں، وہاں زیادتیاں کریں۔ وہاں لوگوں کی تذلیل کریں کیا اس سب کچھ کی آئین اجازت دیتا ہے اس سب کچھ کی اگر آپ کو اجازت ہے کہ آپ

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

دندناتے پھریں آپ سب کچھ کرتے پھریں باقی اگر کوئی اپنا حق مانگے تو آپ کہیں کہ نہیں
یہ غدار ہے اس طرح بات نہیں چلے گی اگر اپنے حقوق مانگنا غداری ہے تو ہم غدار ہیں اگر اپنے
حقوق مانگنا غداری ہے تو میں آج سینیٹ میں یہ اقرار کرتا ہوں کہ ہم غدار ہیں اور خدا کی قسم اگر
سینیٹ نے یہ فیصلہ کیا کہ یہ سب غدار ہیں تو میں استعفیٰ دے کر سینیٹ سے چلا جاؤں گا اپنے
لوگوں کے پاس جاؤں گا۔ یہاں نہیں بیٹھوں گا کیونکہ اپنے حقوق مانگنا کوئی برائی نہیں ہے ہمارے آئین
میں اس کی اجازت ہے لیکن جنہوں نے آئین کو پامال کیا ہے پہلے ان کو پھانسی دیں پہلے ضیاءالحق
کے خاندان پر مقدمہ چلائیں سارے فوجی جرنیلوں پر مقدمہ چلائیں جو مارشل لاء میں ملوث تھے ان میجروں
کرنلوں پر مقدمہ چلائیں جنہوں نے وہاں پر آکر فوجی عدالتیں قائم کر کے بیگناہ لوگوں کو ۵۔۵ گھنٹے
میں سزائیں دی ہیں، کوڑے مارے ہیں پہلے اس فوج کو سزا دیں جس فوج نے مشرقی پاکستان
کو گنوایا، تیس لاکھ آدمی مارے پہلے آپ سندھ کی جو شکایات ہیں، سندھ کے ساتھ جو زیادتیاں
ہیں ان کا فیصلہ کریں۔ ہم آپ کے پاس یہ مقدمہ لا رہے ہیں اس اعلیٰ ایوان میں میں مقدمہ لے کر
آیا ہوں، بالکل واضح طور پر ہمیں شکایات ہیں آپ کے آئین سے بھی شکایت ہے
آپ کی فوج سے بھی شکایت ہے آپ کے سسٹم سے بھی شکایت ہے کسی بھی صوبے
کی فقیدالمثال حالت ایسی نہیں ہے جس طرح سے آج ہماری ہے ہم غلام ہیں ہم نے
آزادی دوبارہ غلامی کے لیے نہیں لی تھی ہم نے آزادی پاکستان میں فوج کی بالادستی
کے لیئے نہیں لی تھی ہم نے آزادی پاکستان میں Civil bureaucracy
کی حکمرانی کے لیے نہیں لی تھی آپ مجھے ایک مثال بتائیں جس الیکشن
میں عوام نے ووٹ دیا ہو آپ نے اس کو الیکشن میں اقتدار منتقل کیا ہو ہم تو جناب وائسرائے
کے تحت ہیں کون سا انگریز گیا ہے ایک وائسرائے انگریز ماؤنٹ بیٹن گیا تو دوسرا وائسرائے
ادھر سے یہاں پر آگیا ہے سچی بات بتاؤ، کیوں ڈرتے ہو۔ سچی بات بتاؤ، کیوں چھپتے پھرتے
ہو۔ تمہاری فوج امریکہ کے ماتحت ہے اور تمہارا سارے کا سارا سسٹم اس فوج کے
ماتحت ہے چونکہ امریکہ تمہیں F-16 دیتا ہے، امداد دیتا ہے چونکہ امریکہ تمہیں کہتا ہے۔
کہ اس کو چلنے دو ورنہ گھاس کھاؤ گے اگر اسے چلنے نہ دیا گیا تو میں یہ کر دوں گا کیا یہ

sovereignty ہے یہ پاکستان کی sovereignty اس طرح ہے کہ پیپلز پارٹی کی حکومت بنتی ہے. لیکن اس میں وزیر خارجہ یعقوب خان بنتے ہیں کیا پی پی کا ہے. پیپلز پارٹی کا manifesto کہتا ہے کہ non-aligned foreign policy لیکن ہمیں کابل میں جھنڈا گاڑھنا ہے کس نے آپ کو کہا ہے وہ تو افغانستان کا داخلی معاملہ ہے آپ کو کونسا حق پہنچتا ہے۔ * * * * * * +

یہ ساری کی ساری Package deal ہے۔ چونکہ آپ آزاد و خود مختار نہیں ہیں چونکہ آپ sovereign نہیں ہیں آپ کیسی overeignty کی بات کرتے ہیں یہاں تب پر امریکی سفیر بیٹھ کر خط لکھتا ہے حکومت کو، کہ اتفاق فاؤنڈریز کو ویگنیں دو، یہ sovereignty ہے. کیا ہم نے آزادی اس لیے لی تھی کہ امریکی بالادستی قبول کی جائے گی؟ یہ نہیں چلے گا ابھی تک ہم غلام ہیں آئیے ہم اور آپ دوبارہ آزادی لیں British rule سے نکل کر American rule میں آ گئے ہیں imperialist rule میں آ گئے ہیں ہم کسی بھی super power کی supremacy قبول نہیں کریں گے ہماری خارجہ پالیسی غیر جانبدار ہو گی ہم کسی کے ماتحت نہیں آئیں گے ہم کسی اور کے کو اختیار نہیں دیں گے کہ ہمیں وہ خط لکھے اور ہماری sovereignty میں مداخلت کرے

جناب اس کے ساتھ ساتھ میں سب سینیئر حضرات سے بات کرتا ہوں آپ کے توسط سے، مجھے امید ہے کہ آپ صرف اخبار کی reporting پر نہیں جائیں گے اصل حقائق کو جاننے کی کوشش کریں۔ ہم کہتے ہیں میں ایک S.N.A. کا نمائندہ ہوتے ہوئے وائس پریذیڈنٹ کی حیثیت سے یہ بیان دے رہا ہوں کہ ہمارے کسی بھی آدمی نے جھنڈا نہیں جلایا ہے یہ باتیں پاکستان کے لئے نئی نہیں ہیں۔ saboteurs بھی ہوتے ہیں planted لوگ بھی ہوتے ہیں ہم کہتے ہیں کہ یہ جھنڈا جلوایا گیا ہے سندھ کے آپ national question کو اس طرح condemn نہیں کر سکتے۔ جھنڈے کی آڑ لیکر آپ ایسا نہ کریں یہ بڑا احساس

+ Expunged by the order of the presiding officer.

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

معاملہ ہے یہ جھنڈا اجلوایا بھی جا سکتا ہے اپنی مارکیٹ بڑھانے کے لئے، سندھ میں پیسے چلائے گئے اور قومی موومنٹ کی راہ میں ہر رکاوٹ ڈالی گئی obstruct کیا گیا۔ جو لوگ سندھ سے الکشن جیت کر آئے وہ واضح طور چار issues پر جیت کر آئے۔ یہاں پیپلز پارٹی والے بیٹھے ہیں وہ بتائیں کہ آپ نے کالا باغ ڈیم کے حق میں بات کی تھی؟ کیا یہاں بہاری لائیں گے؟ آپ نے تو چار سوالات پر وعدے کئے تھے۔ اگر آج وعدہ خلافی کی بنا پر سندھی آپ سے الگ ہو رہا ہے ہم A.N.S والے آپ کا جینا وہاں پر محال کر رہے تھے آپ کی constituencies ٹوٹ رہی تھیں آپ کے جلسوں میں لوگ کم ہوتے جا رہے تھے اور ہمارے جلسوں میں آ رہے تھے اس بنا پر آپ نے ہمیں اپنا ہمنوا بنایا اور آج یہ کوشش ہو رہی ہے کہ ہمیں صفحہ ہستی سے مٹا کر سزا دی جائے اور ہمارے لیے چیلنج نہ رہے۔

بات یہ ہے جناب کہ جب محترمہ 86ء میں لاہور آئی تھیں تو کیا ہوا تھا؟ اس کے علاوہ جناب آپکو سسٹم کو سدھارنا پڑے گا غداری کے یہ سرٹیفیکیٹ بانٹنے سے معاملہ حل نہیں ہوگا۔ غدار غدار آپ کہتے رہیں گے تو پھر انکے نمبر بڑھتے جائیں گے۔ صرف غدار کہہ دینے سے وہ بند نہیں ہوگا آپ اصل پہلوؤں پر جائیں تو ہم آپ کا ساتھ دیتے ہیں اور اس نظام کو بدلنے میں بھی آپ کا ساتھ دیتے ہیں نیز پاکستان کو دوبارہ آزاد و خود مختار کرنے میں بھی آپ کا ساتھ دیتے ہیں کیونکہ ہم چار صوبوں والے اس پاکستان کے مالک ہیں۔ کوئی اپنا گھر نہیں جلائے گا۔ کوئی اپنے گھر کی چھت اپنے اوپر گرا کر مرنے کی خواہش نہیں کرے گا یہ نہیں ہو سکتا۔ جب مسلسل زیادتیاں اور مایوسیاں ہوتی ہیں تو دل جلتا ہے جب کسی نظام کو زبردستی مسلط کیا جاتا ہے تو آپ کی خود مختاری نہیں رہتی ہے تو اس طرح کی چیزیں اٹھتی ہیں۔ جب کہ قومیں ماضی سے سبق سیکھتی ہیں۔ اور ہمیں بھی سبق سیکھنا چاہیئے کیونکہ پہلے بھی بہت ہم نے نقصانات اٹھائے ہیں۔ جذبات میں غدار کہہ کر کے بہت نقصانات اٹھائے ہیں۔ اب اس طرح معاملہ نہیں چلے گا آپ کو کوئی مثبت طریقہ اپنانا پڑے گا ہاں اگر آپ نے پھانسیاں ہی دینی ہیں اور یہی کچھ کرنا ہے تو پہلے

میں اپنی گردن پیش کرتا ہوں لیکن پہلے شروع آپ فوج سے کریں۔ پہلے دو مشہور جرنیلوں کو پھانسی دیں پھر میری گردن حاضر ہے اس کے لیے، شکریہ۔ میں اس اُمید پہ بیٹھتا ہوں کہ مجھے اس ہاؤس سے کوئی مثبت جواب ملے گا اور میں سینیٹر حضرات کے ساتھ ساتھ پاکستان کے عوام سے اپیل کرتا ہوں کہ ہمارا نقطہ نظر سمجھیں اور اس کو نفرت کی نگاہ سے نہ دیکھیں۔ اُردو کا جنگ اخبار پڑھنے سے آپ ذہن نہ بنالیں جس طرح امریکہ کا پریس یہودی کنٹرول میں ہے اس طرح یہاں کا پریس بھی controlled ہے۔ مجھے پتہ ہے آج میرا بیان کچھ نہیں آئے گا لیکن ٹھیک ہے اپنے دل کی بات میں نے کہہ دی ہے اگر انہی ایوانوں میں یہ فیصلے نہیں ہوں گے اور اسی طرح نفرت کی بنیاد پر فیصلے ہونگے۔ تو پھر ہم کل ان ایوانوں میں نہیں ہونگے نہیں ہونگے۔ نہیں ہونگے شکریہ

Mr. Presiding Officer: I now call upon Mr. Tariq Chaudhary to please speak.

جناب محمد طارق چوہدری: جناب چیئرمین! ابھی ابھی جو بات admit ہوئی وہ ہمارے پیش نظر ہے اعجاز علی جتوئی صاحب نے بڑی بھرپور اور جذباتی تقریر فرمائی ہم نے اپنی تحریک میں جو نقطہ اٹھایا ہے وہ سکھر ائرپورٹ پر مسٹر جی ایم سید کی آمد پر قومی پرچم اُتار کر سندھودیش کا پرچم لہرانا اور جی ایم سید کی طرف سے یہ اعلان کہ ہم انقلاب کے ذریعے سے سندھودیش بنائیں گے یہ بات ہمارے پیش نظر ہے اور ہم اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ سندھ موجودہ پاکستان میں وہ صوبہ ہے۔ وہ علاقہ ہے وہ خطہ ہے کہ پاکستان کے قیام میں سب سے زیادہ اور بھرپور حصہ اسی نے لیا ہے۔ میں یہ بھی اعتراف کرتا ہوں کہ پاکستان بنانے کی تحریک میں پنجاب سب سے بعد میں شامل ہوا۔ مجھے اس بات کا اعتراف ہے لیکن وہ سندھ جو باب الاسلام ہے اور جس سندھ نے پاکستان بنایا ہے ہم جی ایم سید کا نام سندھ رکھنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ جی ایم سید، سندھ نہیں ہے میں یہ مانتا ہوں کہ مسٹر جی ایم سید کبھی مسلم لیگ کے رکن تھے اور پاکستان کے قیام کے لیے انہوں نے جدوجہد کی لیکن میرا بیٹا یا میرا کوئی بزرگ اگر زندگی کی کسی سطح پہ چلتے چلتے پاگل ہو جائے اور کاٹنے لگے چھری گھونپنے لگے تو ہم اس کو زنجیروں میں جکڑ

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

دیتے ہیں کھلا نہیں چھوڑتے۔ ہسپتال میں بند کر دیتے ہیں۔ کوٹھری میں بند کر دیتے ہیں۔ کیونکہ وہ دوسروں کو نقصان پہنچا رہا ہے مسٹر جی ایم سید کا نام سندھ نہیں ہے۔ جی ایم سید جیسا ایک frustrated شکست خوردہ آدمی جو ملک کو توڑنے کی ملک کے ایک حصے کو علیحدہ کرنے کی بات کرتا ہے یہ ہمارے ملک کا عجیب وتیرہ ہے۔ یہ دنیا کا واحد ملک ہے جس میں ایسے لوگوں کو زندہ رہنے کی، ایسے لوگوں کو دندنانے کی ایسے لوگوں کو آزادی سے پھرنے کی اجازت ہے کہ وہ پاکستان کے بارے میں جو مرضی ہرزہ سرائی کریں جو مرضی زبان استعمال کریں جو مرضی نقطہ نظر رکھیں ہم ان کو آزادی کے متوالوں کا نام دیتے ہیں یہ کوئی طریقہ نہیں ہے اگر آپ پاکستان کے ماضی کے حوالے سے اس کے legally اور Constitutional flaws کو چھیڑیں گے تو وہ پھر بہت سی باتیں ہیں کہنے کی۔ بہت سی باتیں ہیں کرنے کی، پھر یہاں پر بہت سے لوگوں کی غلطیاں ہیں، آپ جہاں سے اٹھانا شروع کریں گے یہاں تک چلتے چلتے ہر جگہ doubts موجود ہیں لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اپنی سیاسی بنیادیں اپنی سیاسی constituencies کیا ضروری ہے کہ وہ پاکستان کی مخالفت کر کے بنائی جائیں۔

جناب ہم یہ تو کہہ نہیں رہے یہ ایک بالکل غلط نقطہ نظر ہے ہماری تحریک کو غلط رنگ میں اعجاز جتوئی صاحب نے پیش کیا ہے انہوں نے ہماری اس بات کو کہ سکھر ایئرپورٹ پر قومی پرچم جلانا اور اس بات کو کہ جی ایم سید کی طرف سے یہ کہنا کہ ہم ملک کو انقلاب کے ذریعے سے آزاد کروائیں گے۔ از خود اس کا مطلب یہ کیسے لیا ہے کہ ہم نے سندھیوں کو غدار کہا ہے یہ ہمارے ساتھ پیر پگارا شریف بیٹھے ہیں یہ محترمہ وزیراعظم آج سندھ سے ہیں یہ کل کے وزیراعظم جو ہیں، جو تھوڑے دن پہلے تک وزیراعظم تھے وہ سندھ سے تھے ہم نے ان کو قبول کیا ہے اور ہم نے کبھی کسی کو غدار نہیں کہا ہے لیکن جو آدمی ہانگ دھل اعلان کرتا ہے۔ جو آدمی کہتا ہے میں غدار ہوں جو آدمی کہتا ہے میں علیحدگی چاہتا ہوں ہم اس کو محب

وطن ہونے کا سرٹیفیکیٹ کیسے دے دیں؟ جناب ہماری جو غلطیاں ہیں ہم اس کا اعتراف کرتے ہیں لیکن آپ ہم ۶۲ فیصد پنجابیوں کو فوج میں بھرتی مت سمجھیں۔ فوج کا اپنا ایک نقطہ نظر ہوتا ہے۔ اپنا ایک طریقہ ہوتا ہے میں اس بات کو تسلیم کر سکتا ہوں کہ سکھر ایرپورٹ پر پرچم کا جلایا جانا A. N. S کے خلاف اس کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کے خلاف ایک سازش ہو سکتی ہے کیونکہ ہم نے انتخاب میں یہ بات دیکھی ہے وہ بلوچستان ہو وہ صوبہ سرحد ہو وہ سندھ ہو وہ پنجاب ہو۔ ہر الیکشن میں یہ چیز ہمارے سامنے آئی ہے کہ جتنے بھی انتہاپسند frustrated سیاسی عناصر ہیں وہ پاکستان میں ووٹ کے ذریعے سے کبھی بی ڈی ممبر تک منتخب نہیں ہو سکے اور اس بات کا قطعی امکان ہے کہ حکمران پارٹی نے یہ حرکت A. N. S کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کو تباہ کرنے کے لیے کی ہو یہ ہو سکتا ہے لیکن جی ایم سید کی زبان سے نکلنے والی باتیں، وہ حکمران پارٹی نہیں کرتی وہ جی ایم سید کی زبان سے نکلتی ہیں۔ لہذا ہم فوج کے نام پر bureaucracy کے نام پر ادھر ادھر سے لاکر اپنے لئے گالی سننے کے لیے تیار نہیں ہیں فوج صرف فوج ہوتی ہے اور جب وہ اقتدار میں آتی ہے تو پھر پورے ملک میں جنگل کا قانون ہوتا ہے صرف ایک خطے میں جنگل کا قانون نہیں ہوتا اور ہم کبھی کسی فوجی حکمرانی کو تسلیم نہیں کرتے یہ الگ بات ہے کہ وہ واقعتاً ہمارے اوپر آکر مسلط ہو جاتے ہیں لیکن ہم ان کو کبھی اپنے دلوں میں جائز حکمران تسلیم نہیں کرتے۔ اور فوجی حکمرانوں کی تاریخ میں اعجاز علی جتوئی صاحب کا، ان کی مخالفت میں جتنا کردار ہے میں یقینی طور پر کہتا ہوں کہ فوجی حکمرانوں کی مخالفت میں میرا کردار ان سے کہیں زیادہ ہے۔ صرف اپنا نام سب کچھ رکھ کر جو مرضی سناتے چلے جانا، یہ کسی طرح انصاف نہیں ہے اور اس کی ہم قطعاً اجازت نہیں دے سکتے کہ آپ ہمارے اوپر تان توڑیں ہر چیز کی۔ اور ہم A. N. S کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کو تسلیم کرتے ہیں ہم اگر یہ ووٹ کے ذریعے سے آجائیں تو ہم ان کی حیثیت کو تسلیم کرتے ہیں لیکن ہم جی ایم سید کی ان باتوں کو ہرزہ سرائی کہتے ہیں ان باتوں کو جو وہ پاکستان کی مخالفت میں کہتے ہیں ملک کو توڑنے کی

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

ر کرتے ہیں۔ جی ایم سید یہ کہتے ہیں کہ میں نے راجیو سے کہا کہ پاکستان توڑنے میں ہماری مدد کرو مگر وہ بزدل نکلا اس نے انکار کر دیا صاحب کیا یہ ایسی چیزیں ہیں جن کو نظر انداز کر دیا جائے صرف ایک بھرپور جذباتی تقریر کی وجہ سے۔ ذاتی حوالے اور دوستیوں کی وجہ سے، ہم اعجاز علی جتوئی کو جی ایم سید نہیں کہہ رہے۔ ہم جی ایم سید کو جی ایم سید کہہ رہے ہیں، لہٰذا میری یہ درخواست ہے کہ جو چیز جس صورت میں ہمارے پیش نظر ہو اس کو اسی صورت میں رہنے دیں آپ اس طرح کی باتیں کر کے ہماری طرف سے سندھیوں کو کیا پیغام دینا چاہتے ہیں آپ ہماری خواہشوں کو آپ ہمارے پیغام کو آپ ہماری توقعات کو غلط رنگ میں پیش کر رہے ہیں ہم آپ سے محبت کرتے ہیں ہم یہ بات تسلیم کرتے ہیں کہ پاکستان آپ نے بنا کر ہمیں دیا ہے ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ ہمارے خطے میں اسلام آپ کے ذریعے سے آیا ہے۔

جناب میں پھر آخر میں یہی بات کہتا ہوں کہ جب کوئی بزرگ اور بیٹیا اگر پاگل ہو جائے تو اسے کھلا نہیں چھوڑ دیا جاتا کہ وہ ہمارے سروں پر روڑے اینٹیں مارتا پھرے اس لیے جو کچھ ہے آپ اس کو اسی رنگ میں دیکھیں۔ اور اسی طرح ہم جو کہہ رہے ہیں وہی ہمارا کہنا پیش نظر ہے اس سے زیادہ نہیں۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اب دو Movers اور باقی ہیں ڈاکٹر نورجہان پانیزئی اور بہرہ ور سعید صاحب پہلے وہ بول لیں یا آپ بولنا چاہتی ہیں؟ میرے خیال میں وہ مختصر بولیں گی اس لیے پہلے ان کو ختم کر لینے دیں پھر آپ بول لیجئے۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: شکریہ جناب چیئرمین صاحب! تاریخ میں بہت سے واقعات نمودار ہوتے ہیں بعض کے اثرات بڑے مثبت ہوتے ہیں اور بعض کے منفی ہوتے ہیں جو مثبت اثرات ہوتے ہیں اسے تو ہم اپنی Next generation تک بھی دہراتے ہیں اور انہیں یاد دلاتے ہیں لیکن کئی منفی اثرات ایسے ہوتے ہیں جن کو دہرانا تو دور کی بات، اس کو کسی صورت اپنے بچوں کو یاد دلانا یا generation کو یاد دلانا بھی اپنی ہتک سمجھتے ہیں اور توہین سمجھتے ہیں اور اسی طرح یہ واقعہ جو سکھر

ایرپورٹ پر پاکستانی flag کو اتار کر جلانے کا ہوا اس سے زیادہ توہین آمیز واقعہ پاکستان کی عوام کے لیئے اور کیا ہو گا۔ میرے خیال میں مورخ بھی اسے دہراتے ہوئے یا اپنی تاریخ میں لکھتے ہوئے شرمائے گا۔

جناب چیئرمین صاحب! حکومت جو اس وقت مرکز میں ہے اسی پارٹی کی سندھ میں بھی حکومت ہے اور وہاں پر اس سے پہلے بھی دو تین واقعات ہوئے ہیں جن میں یہی چیز دہرائی گئی ہے مجھے سمجھ نہیں آتی کہ خدانخواستہ یہی واقعہ بلوچستان یا پنجاب میں ہوا ہوتا تو آج دنیا کے سارے غداری کے الزام بلوچستان اور پنجاب پر لگ جاتے لیکن چونکہ وہاں ان کی حکومت ہے وہاں تو انہوں نے پہلے الذوالفقار تحریک کے لوگوں کو سیاسی مصلحتوں کے تحت آزاد کر دیا تھا ان کے لیئے یہ الیسی کوئی بات نہیں اور ابھی تک حکومت کا جو رویہ ہے وہ سامنے نہیں آیا کہ ہم نے اس دفعہ کے ذمہ دار افراد کو گرفتار کیا اور سب سے بڑی افسوس کی بات تو یہی ہے کہ وہاں کا جو وزیراعلیٰ ہے جو اس کا ذمہ دار ہے وہ آج لاہور میں موچی گیٹ میں جلسے میں شامل ہونے کے لیے جارہا ہے۔ اور اسے یہ پتہ نہیں کہ سندھ میں جو میرا صوبہ ہے وہاں کیا ہوا ہے دوسری بات یہ ہے کہ جو ہوائی اڈے کا علاقہ ہے جہاں پر یہ جھنڈا لہرایا گیا ہے وہ تو ویسے بھی وفاقی حکومت کے تحت ہے اور جناب چیئرمین صاحب! یہ بھی سنا گیا ہے کہ وہاں پر موجود پولیس والوں نے بھی سندھو دیش کے جھنڈے لہرائے ہیں اور مجھے سمجھ نہیں آتی کہ اس وقت حکومت اور انتظامیہ کہاں تھی ویسے تو ان کے کوئی سینئر وزیر اور فلاں بھی آجائیں تو بڑے جھنڈے لگ جاتے ہیں اور ان کا بڑا جوش و خروش سے استقبال کیا جاتا ہے۔ لیکن وہاں پر اتنا بڑا واقعہ ہوا تو کیا ان کی آنکھوں پر پٹی بندھی ہوئی تھی یا ان کو سنائی نہیں دے رہا تھا یہ سارا کچھ وہ دیکھ چکے ہیں اور اب بھی وہ جمہوریت کے دعویدار ہیں ہم تو لوگوں کو حقوق دے رہے ہیں ہم تو صوبائی خود مختاری کے قائل ہیں ہم تو پاکستان کے بڑے خیر خواہ ہیں اور جناب یہ واقعہ اس دن ہوا ہے آپ اس link کا ذرا خیال رکھیں۔ جس دن سکھر ہوائی اڈے پر یہ واقعہ ہوا ہے تو وزیراعظم صاحبہ کمتی باہنی کی قبر پر

[Dr. Noor Jehan Panezai]

پھل چڑھا رہی تھیں اب یہ واقعہ آپ ان کے ساتھ link کر کے دیکھیں کہ یہ کیا واقعہ تھا۔
جناب والا! یہ چیزیں برداشت کی حد سے باہر ہیں میرے معزز رکن جن کا تعلق سندھ سے ہے ان کے ساتھ میں ایک بات پر ضرور اتفاق کرتی ہوں کہ چھوٹے صوبے کے ساتھ بے انصافی اور زیادتی ضرور ہوئی ہے لیکن اپنا حق مانگنے کے لیے طریقہ کار اور بھی ہو سکتا ہے آپ حکومتی پارٹی کو ہر طرح کی دھمکی تو دے سکتے ہیں لیکن ... اس ملک کی جو پہچان ہے قومی جھنڈا۔ اس جھنڈے کو جلا کے، اور اس کی بے حرمتی کر کے آپ نے اپنے پورے ملک کی عزت ختم کر دی ہے جناب یہاں اسلام آباد میں جہاں ruling party بیٹھتی ہے امریکہ کے ایک جھنڈے پر انہوں نے ہمارے ۶، ۸ نوجوانوں کو شہید کر دیا اور بڑی حیرت کی بات ہے کہ یہاں پاکستان کا جھنڈا جلایا گیا ہے وہاں انہوں نے ایک چیونٹی کو بھی کچھ نہیں کہا اس لیے کہ وہ تو امریکہ کا جھنڈا تھا اور یہ ایک پاکستانی جھنڈا تھا۔ یہ جن کی کوششوں سے آئے ہیں ان کے جھنڈے کو یہ کیسے جلا سکتے ہیں اور اس ruling party کے لیے کوئی نئی بات نہیں ہے جب ۱۹۸۶ء میں ہماری موجودہ وزیراعظم صاحبہ آئی تھیں تو کراچی ہوائی اڈے سے شہر کی طرف آتے ہوئے اس bridge پر بھی پاکستان کا جھنڈا اتار کر پیپلز پارٹی کا جھنڈا لگایا گیا تھا ان کے لیے تو یہ نئی چیز نہیں ہے لیکن میں ان کو یہ چیز بتا دینا چاہتی ہوں کہ پاکستانی عوام اور پاکستانی قوم اس کو کبھی برداشت نہیں کرے گی۔ عوام سب کچھ برداشت کر لیں گے، وہ ظلم برداشت کر لیں گے لیکن وہ اپنے وقار اور پاکستان کی جو پہچان ہے اس کا۔ تباہ ہونا برداشت نہیں کریں گے جناب والا! اس سے زیادہ صوبے میں اور کیا واقعات ہو سکتے ہیں جس کے مطابق وہاں کا گورنر یہ اسمبلی ختم کر سکتا ہے اگر وہاں کا وزیراعلیٰ یا اس کی کابینہ کے اراکین اس قابل نہیں ہیں کہ وہ اپنے جھنڈے کی حفاظت کر سکیں تو وہ وہاں کے صوبے کی کیا حفاظت کریں گے جناب والا! آپ اس بات پر بھی غور کریں۔

دوسری بات جناب والا! میں آپ کو یہ بتا دینا چاہتی ہوں کہ اس وقت سندھ کی حکومت کو وہاں رہنے کا کوئی حق نہیں ہے اس کرسی پر بیٹھنے کا۔ آج تو وہ ایک جلوس کی صورت

میں موچی گیٹ جا رہے ہیں تو کیا وہ موچی گیٹ میں یہ بتائیں گے کہ جناب ہم نے بڑا شاندار کارنامہ کیا پاکستان کا جھنڈا جلا دیا اب کہیں گے کہ ہم ادھر بھی جلا دیں کیا وہ وہاں بھی جھنڈا جلانے جا رہے ہیں میں یہ درخواست کروں گی کہ سندھ کی جو موجودہ حکومت ہے وہ اسی جگہ پر ہمیں یقین دلائے کہ ان کو ذمہ دار لوگوں کو وہ گرفتار کریں گے اور وہ اپنی حکومت سے مستعفی ہوں گے اس وقت حالات اس طرح نہیں ہیں نہ اس سے زیادہ قوم برداشت کر سکتی ہے اس کے علاوہ جناب میں ایک بات کہنا چاہوں گی کہ جس طرح میرے باقی معزز اراکین نے کہا ہے کہ موجودہ حکومتی پارٹی جو ہے وہ اپنے آپ کو بچانے کے لئے اور طریقہ کار بھی استعمال کر سکتی ہے جو وہ کر بھی رہے ہیں اس میں کوئی شک بھی نہیں ہے ساری قوم اسے دیکھ رہی ہے لیکن وہ اس قوم یا اس پاکستان کے جھنڈے کی قیمت پر نہیں کر سکتے میں درخواست کروں گی کہ اس تحریک التوا کو admit کر لیا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: admit ہو چکی ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ جناب چیئرمین صاحب! میری بدقسمتی ہے یا خوش قسمتی ہے کہ میں کبھی کبھار کچھ تفصیل میں جاتا ہوں تو وہ میرا ایک discredit ہو جاتا ہے اور کوشش شاید یہ ہو گئی ہے کہ میں آخر میں تقریر کروں تاکہ وقت ضائع نہ ہو اس لئے میں آج انشاءاللہ بالکل مختصر بات کروں گا جناب جو موشن پیش ہے اس کا میں محرک ہوں وہ یہ ہے کہ اتوار کے دن سکھر کے ہوائی اڈے پر جو اجتماع ہوا اور جس اجتماع کے لئے وہاں کے air field کے حکام نے ان کے لئے دروازے کھولے جس میں سرکاری گاڑیاں استعمال ہوئیں اس جلوس میں جب سید صاحب تشریف لے آئے تو انہوں نے جن خیالات کا اظہار کیا وہ ایسے خیالات ہیں جو کم از کم ایک آزاد مملکت میں برداشت نہیں کئے جا سکتے۔

جناب والا! میرے دوست میرے بھائی اعجاز علی جتوئی صاحب نے جن جذبات کا اظہار کیا میں ان کی قدر کرتا ہوں وہ ایک اچھے اور سچے پاکستانی ہیں ان کے خاندان کی پاکستان کے لئے بڑی خدمات ہیں اور انہوں نے بجا کہا ہے کہ سید صاحب نے

[Akhunzada Behrawar Saeed]

پاکستان کی تحریک میں بڑا حصّہ لیا سندھ اسمبلی نے سب سے پہلے پاکستان کے حق میں قرارداد پاس کی یہ باب الاسلام بھی ہے، اور انہوں نے قائداعظم کے ساتھ مل کر جدوجہد کی میں عرض کروں گا کہ جب تک سید صاحب پاکستان کی تحریک میں شمولیت رکھتے تھے جب انہوں نے اسمبلی میں قرارداد پاس کروائی جب انہوں نے پاکستان کے لئے خدمات سرانجام دیں ہم نے ان کا احترام کیا ان کی خدمات کا اعتراف کیا اور ہم نے ان کو زندہ باد کہا اور ہم ان کی خدمات کو بھول نہیں سکتے مگر اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ چونکہ انہوں نے اتنی خدمات پاکستان کے حق میں کی ہیں اس لیے ان کو اجازت ہے کہ اس پاکستان کو توڑنے کے لیے بھی نعرے لگائیں جو کام انہوں نے اچھے کیے ان کو ہم سراہتے ہیں اور جو وہ اب کر رہے ہیں ان کی ہم مذمت کرتے ہیں۔

جناب والا! ابھی تک دس مہینوں سے ہم یہی سنتے آ رہے ہیں کہ چونکہ اس ملک میں اور سندھ میں فوج کی حکومت تھی وہاں احساس محرومی بہت زیادہ ہو گیا تھا لوگوں کو حقوق نہیں دیئے جاتے تھے لوگوں کے ساتھ مظالم کیے جاتے تھے لیکن جب جمہوری حکومت آئے گی تو یہ شکایات رفع کی جائیں گی وہ جمہوری حکومت لائی گئی دس مہینے ہو گئے ایک بچہ نو مہینے کے بعد پیدا ہو کر جب ایک مہینے کا ہوتا ہے تو کچھ ہاتھ پاؤں ہلاتا ہے میں اب یہ پوچھتا ہوں کہ اس فوجی دور میں اس ظالم کے دور میں ان فوجیوں کے دور میں جتنے مظالم تھے اب اس سے کیوں زیادہ ہو گئے اس جمہوری دور میں وہ کیوں زیادہ ہو گئے کس نے اس کو زیادہ کروایا اس میں کس کا ہاتھ ہے کیوں تسلیم نہیں کرتے کہ اس میں ہندو کا ہاتھ ہے کیوں یہ نہیں مانتے کہ اس میں مخصوص مفادات کا ہاتھ ہے یہ دو طبقے سندھ میں حالات خراب کرنے کے ذمہ دار ہیں اس کو دیکھیں، اس کو پرکھیں، آپ اسی نتیجے پر پہنچیں گے کہ یہی وہ دو عناصر ہیں جو سندھ میں ایسے حالات پیدا کر رہے ہیں کہ یہاں بنگلہ دیش جیسے حالات پیدا ہو جائیں۔

جناب عالی! یہ تو اس پارٹی کے حکمران خاندان کا دستور ہے ان کی یہ عادت ہے کہ وہ ایسے حالات پیدا کریں اور وہ دنیا کو یہ بتائیں کہ ہم مظلوم ہیں اور ہمارے ساتھ ظلم ہو

رہے ہیں جس طرح میرے بھائی نے کہا British imperialism سے نکل کر ہم American imperialism میں آ گئے اس میں کوئی دو آراء نہیں ہو سکتیں۔ اوکلے جو کچھ کہے وہی ہوتا ہے اور ان کی اس بات سے میں متفق ہوتا ہوں کہ اب بھی بڑا وقت ہے کہ ہم یہ سوچیں کہ ہمارے حکمران پاکستانی ہوں اور پاکستان واقعی آزاد ہو اقتصادی طور پر آزاد ہو سیاسی طور پر آزاد ہو اور اس میں کوئی غیر ملکی چاہے وہ ہمیں قرضوں کے انبار دے اس کو مداخلت کا حق نہیں پہنچتا۔ میں اس سے اتفاق کرتا ہوں۔ میرے دوست نے جن جذبات کا اظہار کیا ہے میں ان کو بڑے closely جانتا ہوں ان کو جو مصائب پیش آئے ہیں جو تکلیف پیش آئی ہیں اور جن حقوق کی ۱۹۷۳ء کے آئین میں گارنٹی دی گئی ہے ان حقوق کو پامال کر دیا گیا ہے اور کیا جا رہا ہے تنگ آمد بجنگ آمد والی بات ہے ہم درخواست کرتے ہیں فریاد کرتے ہیں منتیں کرتے ہیں۔ قرار دادیں پاس کرتے ہیں کہ ایک سی سی آئی کی میٹنگ نہیں بلائی جاتی۔ اس کو انا کا مسئلہ بنایا گیا ہے اس کرسی کو محفوظ کرنے کے لئے سب کچھ مضبوط کیا جاتا ہے۔

کل بلوچستان نے ایک متفقہ قرار داد پاس کی ہے سینیٹ نے بھی پاس کی ہے اور انہوں نے ایک طرف آئین کی پابندی کا نعرہ لگاتے ہوئے اس آئین کے آرٹیکل ۱۵۳ کو نظر انداز کر کے صوبائی رابطہ کمیٹی تشکیل دی ہے آئین کا بھی مذاق اڑاتے ہیں صوبوں کا بھی مذاق اڑاتے ہیں قوم کا بھی مذاق اڑاتے ہیں اور اپنی کرسی کی حفاظت کرتے ہیں۔

جناب عالی! میں یہ کہتا ہوں یہاں امریکن جھنڈے پر سات پاکستانی قربان کیے جا سکتے ہیں تو پاکستان کے جھنڈے پر کوئی لیڈی قربان نہیں کی جا سکتی پاکستان کی عزت سب سے زیادہ ہے اب اس واقعہ کو اگر ہم دیکھیں تو یہ ٹھیک ہے کہ ایس این اے کی عوام میں مقبولیت ہو رہی ہے ایس این اے سے انہوں نے جو معاہدے کیے اب اس پر ایس این اے والے پشیمان ہیں اور یہ حکومت جانتی ہے کہ اگر ایس این اے والے ان سے الگ ہوتے ہیں تو ان کا سندھ کارڈ بے معنی ہو جاتا ہے پھر وہ سندھ کارڈ استعمال نہیں کر سکتے جو اس وقت وہ سندھ کارڈ استعمال کرتے ہیں۔ جناب عالی! بات وہی ہوئی اتوار کو یہ واقعہ ہو رہا تھا اور ڈھاکے میں اتوار کو پھول چڑھائے جا رہے تھے۔ بانسریاں بجائی

[Akhunzada Behrawar Saeed]

گیئں سندھ جل رہا تھا اور وہاں بانسری بجائی گئی اور اب پھر سندھ جل رہا ہے اور جلتا رہے گا میں سندھی بھائیوں سے اور خاص کر اعجاز بھائی سے یہ درخواست کروں گا آپ یقین جانیئے جس سندھی کو آپ منتخب کریں گے اس کو ہم پرائم منسٹر تسلیم کریں گے جس سندھی کو آپ منتخب کریں گے اس کو ہم صدر تسلیم کریں گے لیکن جب تک آپ ایک خاندان اس خاندان کو جو اس وقت مسلط ہے اس پر آپ نظر نہیں رکھیں گے نہ آپ چین سے بیٹھیں گے نہ پاکستان چین سے بیٹھے گا۔

جناب والا! میں جتوئی صاحب کے ان خیالات سے اتفاق نہیں کرتا کہ فوج نے مشرقی پاکستان میں جنگ ہاری فوج نے مشرقی پاکستان میں جنگ نہیں ہاری کوئی اعتراض نہ ہو میں پھر اسکو دہراتا ہوں کہ سندھ باب الاسلام ہے سندھ نے سندھ نے سب سے پہلے تحریک پاکستان کی حمایت کی تھی سندھ نے سب سے پہلے قرارداد پاکستان پاس کی تھی لیکن جب پہلا سندھی وزیر اعظم بنا تو اس نے وزیر اعظم بننے کے لیئے آدھے پاکستان کو داؤ پر لگایا آج فوج کو مطعون کیا جاتا ہے فوج کو مطعون اس لیے کیا جاتا ہے کہ فوج کو مجبوراً انہوں نے جا کر بنگالیوں کا قتل عام فوج سے نہیں کروایا۔ ٹکا خاں سے کروایا اور اس فوج کو جو دنیا کی بہترین فوجوں میں شمار ہوتی تھی اس کو surrendor کرنے پر مجبور کیا کس نے کیا؟ پوچھیں وزیر اعظم سے۔ اس وزیر اعظم نے جو سندھ کے پاک خطہ ارض پر رہنے کا دعویٰ کرتے ہیں حالانکہ وہ سندھ میں پیدا نہیں ہوئے اس کے خاندان کے افراد سندھ میں پیدا نہیں ہوئے اُن کا سندھ کے ساتھ کوئی تعلق ہی نہیں ہے اکثر سندھی اس کو own نہیں کرتے آج بھی وہ کارڈ استعمال کر رہے ہیں تلوار ہمارے سر پر لٹکتی ہے جناب جب تک آپ اس خاندان کو support کریں گے چاہے وہ امریکہ کے through ہو۔ چاہے وہ ہندوستان کے through ہو چاہے وہ Russia کے اور چاہے وہ اسرائیل کے ہو میرے جتوئی بھائی صاحب یہ مصیبتیں آپ کو بھی جھیلنا پڑیں گی اور ہمیں بھی جھیلنا پڑیں گی ان کا اس ملک کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے اس ملک کی بقا کے ساتھ ان کا دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ ان کو ایک چیز چاہیئے اور وہ "کرسی" ہے۔ پہلے بھی یہ دعویٰ کیا تھا کہ یہ لال کرسی بڑی مضبوط ہے اور اب بھی یہ دعویٰ کیا جاتا ہے اور اس کرسی کی حفاظت کی جاتی ہے اور اس کرسی کی حفاظت کے لیئے سب کچھ قربان

کیا جاتا ہے۔

جناب والا! ایس این اے والے جیسے جتوئی صاحب فرماتے ہیں کہ انہوں نے یہ جھنڈا نہیں جلایا میں جتوئی صاحب کے اس بیان کی تردید نہیں کروں گا ان سے میں اس بات پر اتفاق کروں گا کہ جھنڈا جلوایا گیا ہے مگر وہ کس نے جلایا میں کہوں گا کہ ہندو نے جن کے لیے دھن تبدیل کی جاتی ہے۔ اور جس کو عطائی کا نام دیا جاتا ہے جس پر پردہ پوشی کی جاتی ہے جناب والا! جو کچھ سید صاحب نے کہا کیا اس سے بھی انکار ہے؟ وہ تردید کر دیں کہ میں نے یہ نہیں کہا کہ میں نے انقلاب کے ذریعے اور ہندوستان کی فوجوں کے ذریعے اس ملک کو آزاد کروں گا کیا اس کا ملک غلام ہے۔ نہیں، یہ خیالات ہیں یہ باتیں ہیں جو ایک محب وطن پاکستانی کو ایک غیر محب وطن پاکستانی سے الگ کرتی ہیں اور جس کے لیے آرٹیکل ۶ بھی موجود ہے اور جس کے بارے میں سورۃ مائدہ کی آیت کریمہ بھی موجود ہے ایسے لوگوں پر مقدمہ چلاؤ میں آپ سے دعوے سے کہتا ہوں کہ یہ ایک بہانہ ہے اس مقدمے کو کسی انداز میں ناکام کر دیا جائے گا اور پھر کل یہ اعلان ہو گا کہ عدالت نے اس کو بری کر دیا ہے پہلے سے یہ چیز ہو جائے گی جناب اب تو جو political مقدمے ہوتے ہیں ان میں عدالتوں کے Chief Justices کو ساتھ ملا کر جایا جاتا ہے یہ عدالتوں کی بڑی توہین ہے ان کی integrity کو مشکوک بنایا جاتا ہے۔

اور مجھے خدشہ ہے کہ شاید وہ اس خواہش میں یا اس کوشش میں کسی حد تک کامیاب ہو جائیں۔ جناب والا! حقوق کا مسئلہ، صوبائی خود مختاری کا مسئلہ، ٹھیک ہے، جیسے جتوئی صاحب نے فرمایا کہ حقوق کا مطالبہ کرنا اگر غداری ہے تو پھر جتوئی صاحب پہلے غدار ہیں، اور میں جتوئی صاحب سے کہوں گا کہ آپ پہلے نہیں۔ سب سے پہلے بہرہ ور سعید مولویوں کے حقوق کے سلسلے میں غدار ہیں لیکن حقوق کے مطالبہ کے بعد اس کے حصول کے لیے جو جد و جہد کی جاتی ہے اس میں ذرا سوچنے کی بات ہوتی ہے سوچ کر اس کو آگے بڑھانا ہوتا ہے اور انشاء اللہ وہ دن دور نہیں ہے کہ ہم اپنے اس آئین میں اس خاندان کے دیئے ہوئے متفقہ آئین میں جو صوبائی خود مختاری دی ہوئی ہے

[Akhunzada Behrawar Saeed]

اس کو ہم حاصل کرلیں گے اور اس سلسلے میں ہم آپ کے ساتھ ہونگے انشاءاللہ آپ اکیلے نہیں ہیں۔

جناب والا! اس دن جب میں عرض کر رہا تھا تو آپ ہی صدارت فرما رہے تھے میں نے کہا تھا کہ عدالتوں میں مداخلت ہو رہی ہے اور چیزوں کو تو چھوڑ دیجئے فوج میں مداخلت ہو رہی ہے اور جو عدالتوں میں مداخلت ہو رہی ہے اس کو ہم کب check کریں گے میں نے اس دن بھی کہا تھا اور میرے پاس اس بات کا ثبوت اب بھی ہے کہ ایک مقدمے میں ایک شخص کی ضمانت منسوخ ہوگئی High Court نے منسوخ کی، اور اسے جیل بھیج دیا گیا اور پھر اس فیڈرل حکومت نے جو عدلیہ کی آزادی کے گن گا گا کر تھکتی نہیں ہے، حکم دیا کہ اس شخص کی ضمانت ہونی چاہیے ورنہ آئین کی چھٹی ترمیم آپ کے سر پر لٹک رہی ہے اور وہ ضمانت شام کو ہوگئی۔ کیا وہ یہ کوشش کرتے ہیں کہ فوج بھی عوام کی نظروں میں گر جائے۔ کیا ان کی یہ کوشش ہے کہ عدلیہ بھی عوام کی نظروں میں گر جائے میری یاد کے مطابق، میں نے اپنی زندگی میں کبھی نہیں دیکھا کہ کوئی سربراہ باہر جائے تو اپنے ساتھ کسی ہائی کورٹ کا چیف جسٹس لے جائے۔ پہلے تو کیانی جیسے بڑے بڑے جج تھے، وہ تو کسی کی چائے پینے بھی نہیں جاتے تھے اب ہمارا عقیدہ بھی متزلزل ہو گیا ہے۔ خدا نہ کرے کہ ایسا مرحلہ آئے کہ ہمیں بھی کہنا پڑے کہ واہ آزاد عدلیہ کاش تم بھی پاکستان میں ہو۔

جناب والا! سندھ کا جو خطہ ہے وہ کسی حالت میں بھی پاکستان سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ جو سازشیں ہو رہی ہیں اس میں اگر بیرونی ہاتھ ہے، تو اندرونی کردار بھی مضبوط ہے۔ میں پوچھتا ہوں اپنے دوست جناب ملک قاسم صاحب سے، کہ کیا جب جلوس بن کر آ رہے تھے ان کو اطلاع نہیں تھی، جلوس جس قسم کے نعرے لگا رہے تھے ان کی سی آئی ڈی جو میرے شجاعت صاحب کے پیچھے جا رہی ہے ان کے گھر کے دروازے پر ان کے نوکروں کی مار پٹائی کر رہی ہے کیا ان کو یہ جرأت نہیں ہوئی کہ ان کو اطلاع دے دیتے کہ اس قسم کے جلوس آ رہے ہیں کیا وہاں ایسا کوئی بندہ نہیں تھا جو اس ہاتھ کو کاٹ دیتا جس نے پاکستان کا جھنڈا اتار کر دوسرا جھنڈا لگایا، یہ جناب ایک سوچی سمجھی سازش ہے سید صاحب اس میں پھنس

گئے ہیں۔ سید صاحب کی کتابوں کا ہم نے بھی مطالعہ کیا ہے ان کے ارشادات ہم نے پڑھے ہیں۔ میں نے ایک دفعہ ان سے ملاقات بھی کی ہے لیکن اس وقت جو حرکت ان کے نام سے کرائی گئی ہے اس سازش میں سید صاحب اکیلے نہیں ہیں اور میرا یہ دعویٰ ہے کہ جب سے یہ پارٹی بنی ہے اس کو ہمیشہ شوشے چھوڑنے کی عادت ہے میں ایک مثال آپ کو اس وقت کی دوں جب ذوالفقار علی بھٹو صاحب اپنی الیکشن مہم پر جا رہے تھے۔ اچانک خبر آئی کہ جہاز کو بم سے اڑایا جا رہا ہے اس واسطے میں یہاں آیا ہوں یہ ڈرامے تو ان کی عادت ہے یہ شوشے بنانے تو ان کی خصلت ہے انہی چیزوں پر تو یہ پل رہے ہیں پتہ نہیں میرے دوست (ملک محمد قاسم) کیوں وہاں پھنس گئے ہیں، میں تو ان کو دعوت دیتا ہوں کہ پھر آپ ہمارے پاس آجائیے، ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر ہم پھر چلیں گے اور میرے ملک صاحب۔ وہ دن دور نہیں، کہ آپ میرے پاس آ کر ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر چلیں گے پھر ایک دفعہ آپ آپ کی کمر توڑے گی اور میں آپ کو اپنے ساتھ لے جاؤں گا۔ میں اس حکومت سے درخواست کرتا ہوں کہ کوئی مشکل بات نہیں ہے کہ حالات ٹھیک نہ ہوں ٹھیک ہے کہ اس وقت نسوانی حکومت ہے وہ اتنا ہی کرے گی جتنا وہ سوچ سکتی ہے Mother Queen جو کچھ کرنی چاہتی ہے وہ باہر کہتی ہے، یہ یہاں جو کچھ کرنا چاہتی ہے یہ کرے لیکن اس کو اگر یہ کرسی عزیز ہے، یہ کرسی ان کو پیاری ہے تو ان کو مبارک ہو، لیکن ایک شرط، کہ پاکستان سے وفاداری اگر اس نے پاکستان سے وفاداری کی، تو یہ کرسی کیا چیز ہے ملک قائم بھی تیرا ہے۔

جناب والا! یہ وتیرہ اس حکومت کو تبدیل کرنا چاہیے، انتخابات کے نتیجہ کو تسلیم کرنا چاہئیے۔ جس طرح سے محترمہ بیگم صاحبہ نے فرمایا کہ بلوچستان میں آرٹیکل ۱۱۲ کا استعمال کیا گیا تھا لیکن میں کہتا ہوں کہ جب یہ آرٹیکل وہاں استعمال کیا گیا تھا یہ اس کے استعمال کا وقت نہیں تھا۔ میں کہتا ہوں کہ اب اس کا وقت ہے کہ Article 112-(2)-B کو استعمال کیا جائے سندھ کی حکومت نااہل ہے، سندھ کی حکومت ناکام ہو گئی ہے، سندھ میں افراتفری بڑھ گئی ہے، قتل و غارت گری زیادہ ہو گئی ہے، لوٹ کھسوٹ معمول کا حصہ بن گئی ہے کسی کی جان اور عزت محفوظ نہیں ہے وہاں آئینی گورنمنٹ اس وقت نہیں ہے وہاں ڈاکوؤں

[Akhunzada Behrawar Saeed]

لیٹروں، Vested Interest والوں کی حکومت ہے اور اپنی حکومت اس چیز پر بچانا چاہتی ہے کہ یہ آڑ لی جائے کہ یہ لوگ جو ہیں یہ پاکستان کی مخالفت کرتے ہیں یہ سب کچھ کون کرواتا ہے ہم جانتے ہیں کہ یہ کون لوگ ہیں یہ سندھی ٹوپی پہن کر ہمارے سامنے فوٹو میں آتے ہیں، ہم جانتے ہیں کہ ان کے اندر کیا ہے تو عرض کرتا ہوں۔

من خوب می شناسم پیران پارسارا

تو جناب میں یہ کہوں گا کہ

بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش

من انداز قدت رامی شناسم

جناب والا! فوج کو کوسنا ٹھیک نہیں ہے، بجائے اس کے کہ ہم فوج پر فخر کرتے کہ یہ ہماری لاج ہے، ہماری آن ہے ہماری عزت ہے ان کو عمداً مشرقی پاکستان میں شرمندہ کرایا گیا اور پھر جو Surrender کا نقشہ تھا اس کو کس طرح سے دکھایا گیا اس حکومت کا پہلا target فوج کو control کرنا ہے دوسرا target صوبوں میں اختلافات پیدا کرنا ہے تیسرا target عدلیہ کو عوام کی نظروں میں گرانا ہے جب یہ اس ناپاک سازش میں کامیاب ہو جائیں گے تو پھر یہ اپنا بوریا بستر اٹھا کر فرانس میں جو حویلی لی ہوئی ہے، وہاں جاکر آرام سے رہیں گے اور پی۔ پی اور پی کریں گے۔

جناب والا! آپ پھر کہیں گے کہ بات لمبی ہو گئی، میں پھر کہوں گا کہ آئیے ہم آپ کے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے تیار ہیں سندھ کے جو لوگ ناراض ہیں وہ اس لیے ناراض نہیں ہیں کہ اس کرسی پر محترمہ وزیراعظم صاحبہ بیٹھی ہوئی ہے وہ اس لیئے ناراض ہیں کہ وہ بھوکے ہیں انکو پیٹ بھر کھانا ملنا چاہیئے اور باعزت زندگی گزارنے کے لیے وسائل مہیا ہوں انکو اُن کا حق ملنا چاہیئے۔ روٹی، کپڑا اور مکان کی انکو ضرورت ہے خود بھی کھائے جاپان سے جتنا ڈیڑھ سو کروڑ روپے کالا یا گیا وہ پیئے۔ کسی کو اعتراض نہیں ہے پانی، ٹھنڈا پانی، ڈیڑھ سو کروڑ روپے کا پیئے۔

جناب والا! آئیے مل بیٹھ کر جتنے مسائل ہیں انکا چارٹ بنا کر اختلافات کو طے کریں

یہی وہ راستہ ہے جس سے آپکی حکومت کو دوام ملے گا اور پاکستان کی بقاء کو بھی خطرہ نہیں ہوگا اور کسی تنظیم فوج یا عدلیہ کو عوام کی نظروں سے گرانے کی مزید ضرورت نہ رہے گی یہ مشکل کام نہیں ہے لیکن افسوس یہ ہے کہ خود تو ناتجربہ کار، پانچ پیارے ناتجربہ کار، نورتن کو عقل نہیں Under Nineteen تو ہے minor کون اسکو یہ کہے ہر ایک کے منہ پہ ایک لفظ 'Yes Madam' ... کبھی کسی نے کہا 'No Madam' خدا کے لیے یہ 'NO' بھی تو کہو میں انشااللہ نہ بکا ہوں نہ بکوں گا نہ جھکا ہوں نہ جھکوں گا میں ایک پاکستانی ہوں اور پاکستانی رہوں گا کہیے ڈاکٹر صاحب! میں نے پاکستان لیا اور آپ ڈاکٹر بنے ورنہ کیا ہوتے آپ خلاف اس طرح پنڈورہ بکس کھولنے کی کوشش نہ کیجئے مجھ میں اور آپ میں بہت بڑا فرق ہے آپ پارٹی چھوڑ کر وہاں جھک سکتے ہیں مگر میں پارٹی چھوڑ کر وہاں نہیں جھک سکتا۔ مجھے پارٹی اور پارٹی کے کردار پر فخر ہے کھائیں گے ہم ملک صاحب کا نمک، کوئی بات نہیں لیکن انشااللہ ہم کوسیں گے بھی ملک صاحب کو، جناب یہ وقت ان چیزوں کا نہیں ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب آدمی جب ستر، بہتر پر پہنچ جاتا ہے تو صاحب under ninteen / نظر آتے ہیں اور کمزور نظر آتے ہیں ...

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب یہ بالکل صحیح ہے میں ڈاکٹر صاحب سے سو فیصدی اتفاق کرتا ہوں کہ اس حکومت کو 72 کی ضرورت نہیں۔ under nineteen کی ضرورت ہے واہ رے واہ کون اختلاف کر سکتا ہے یہاں تو نوجوانوں کی قدر ہے بوڑھوں کی کہاں قدر ہوتی ہے؟

جناب والا! میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ یہ ڈرامے کرنا چھوڑ دیں کبھی اغوا کی کوشش کروانا قتل وغارت کروانا، کبھی جاکر وہاں پول چڑھانا، یہ چیزیں چھوڑ کر پاکستانی بنیئے کوئی بھی مشکل نہیں ہوگی۔ انتخابات کو تسلیم کیجئے۔ مرکز میں آپ نے مخلوط حکومت بنائی ہے اسکو مضبوط رکھنے کے لیئے مزید جیسی قربانی نہ کیجئے دیکھیے کہیں کہا ملک کی بقا کے لیئے پاکستان کی بقا کے لیے کتنا اور کیا کیا؟ اور کیسا کیا؟ مقابلہ اس میں کریں گے کہ پنجاب میں کتنی ترقی ہوئی عوام کی خدمت ہوئی۔ سندھ میں کتنی عوام کی خدمت ہوئی۔ سرحد اور بلوچستان میں کتنی خدمت ہوئی عوام کی؟

[Akhunzada Behrawar Saeed]

کی ترقی ہوئی اور فیڈرل گورنمنٹ نے اس میں کتنا تعاون کیا؟ اس سے تولا اور پرکھا جائے اور
یہ تب ہو سکتا ہے کہ ہم ایک میز پر بیٹھ کر اپنے اختلافات کو ختم کرنے کی کوشش کریں اور یہ
آمرانہ طرز حکومت اور اس کی خواہشات کو ترک کر دیں ہم پھر کسی ذوالفقار علی بھٹو کے اختیارات
کسی کو نہیں دیں گے نہیں دیں گے ہرگز نہیں دیں گے ۔ جناب والا! جو اختیارات اس
وقت ہیں اس کا اپنے آپ کو اہل ثابت کریں پھر مزید مطالبہ کریں۔ جو حکومت آپ
کو ملی ہے اس کو مضبوط کرنے کی کوشش کریں مگر کس چیز سے؟ رشوتوں اور بکرا منڈی
لگانے سے نہیں۔ خرید و فروخت سے نہیں، خالی خزانہ کو اور خالی کرنے سے نہیں۔ بلکہ
اخلاق، شرافت اور تعمیری سوچ سے، تب جا کر کام بنے گا اس حکومت کو بنے اب کافی وقت ہو گیا ہے۔
دس مہینے کافی وقت ہے اب سنبھلا جائے اب نہ تو امریکہ بچا سکے گا نہ آپکو نمائش جو کبھی
کسی function میں کر رہے ہیں اور کبھی کسی میں یہ بھی نہیں بچا سکے گا آپ کو اگر بچا سکے گا تو آپکا اچھا
عمل قوم اور کردار، آپکا دعویٰ ہے کہ قوم نے آپکو ووٹ دئے ہیں تو پھر اس قوم کی قدر کریں
اور قدر جاننے کی کوشش کریں اور جب آپ اس ووٹ کی قدر کریں گے یہ سازشیں ترک
کر دیں گے صاف میدان میں آئیں گے، صحیح، صحیح اور غلط، غلط ہو گیا۔ ہر ایک کو اپنے حقوق
دینے کا جو وعدہ کیا ہے اسکی پابندی کریں گے اور یہ Placement Bureau
وغیرہ ختم کر دیں گے اور آئین کے مطابق کارروائی ہو گی تو انشاء اللہ آپ بھی آرام سے
رہیں گے ہم بھی آرام سے ہونگے۔ سندھ، بلوچستان، سرحد اور پنجاب میں بھی لوگ
مطمئن ہونگے اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ خدارا ان شورشوں کو بند کیجئے اور اب تعمیری کام
شروع کیجئے۔ تعمیر کی ضرورت ہے آپ لوگ تعمیری کام شروع کریں گے تو ہم آگے بڑھیں
گے آپ ایک قدم آگے بڑھیں گے تو ہم نو قدم آگے بڑھیں گے لیکن اگر آپ کا
یہی وتیرہ ہے یہی Modus Operandi ہے تو یہ کام نہیں چلے گا۔ آپ کے ویسے برے دن
آ رہے ہیں انشاء اللہ رحمٰن، آپ اگر اب سے توبہ کر لیں تو یہ قوم بڑی اچھی قوم ہے قدر
کرنا بھی جانتی ہے اور ناقدری کی سزا بھی دینا جانتی ہے اس لئے میری عرض ہے کہ اس
حادثے اور واقعہ میں جو جو بھی ملوث ہے ان کو Article 6 کے تحت سزا ضرور ملنی

چاہیے انکو سورہ مائدہ میں اللہ کے حکم کے مطابق سزا ضرور ملنی چاہیے کوئی پردہ پوشی نہیں ہونی چاہیے جب یہ پردہ پوشی نہیں ہوگی تو بڑے بڑے چہرے نمودار ہونگے کہ کیسے کیسے ہاتھ کس کس کے ہیں اور کس کس کی ایماء پر یہ کیا جا رہا ہے اور انشاءاللہ یہ ثابت ہو جائے گا کہ اس ساری سازش میں P.P.P. کی حکومت ضرور شامل ہے وَمَا عَلَینَا اِلاَّ البلاغ۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جناب یہاں پر کافی مرتبہ یہ بولا گیا ہے کہ جھنڈا جلایا گیا ہے کل وزیر قانون سندھ کی statement کے مطابق جو اخبارات میں آئی ہے اس نے contradiction کی ہے کہ جھنڈا جلایا نہیں گیا جھنڈا اتار گیا ہے تو دوبارہ ذرا ریکارڈ کو درست کیا جائے اور میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو چاہئے تھا کہ یہاں پر آکر یہ statement دیتے لیکن چونکہ وہ بیچارے بے ہمت ہیں مجبور اور بے بس ہیں اگر وہ واقعی ایسے ہی ہیں تو میں ریکارڈ درست کرنے کے لیے کہوں گا کہ وہاں کے وزیر قانون اور پارلیمانی امور جو ہیں انہوں نے یہ بات کل کہی ہے اگر گورنمنٹ اسکو correct کرنا چاہے تو وہ کر سکتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب شاد محمد خان صاحب۔

جناب شاد محمد خان: جناب چیئرمین! شکریہ۔ اعجاز علی جتوئی صاحب نے جس جذباتی طرز سے اور جس انداز سے اپنے جملہ احساسات کو آشکار کیا ہے وہ اصل موضوع سے ہماری توجہ ہٹانے کی ایک کوشش ہے حضور والا! چاہیے یہ تھا کہ وہ واضح طور پر تسلیم کرتے کہ واقعی یہ واقعہ ہوا اور اس میں کون لوگ ملوث ہیں اور درپردہ کیا چیز کارفرما ہے۔ لیکن انہوں نے شکایات کا پنڈورا بکس کھول دیا ہے بجلانی صاحب کی تحریک ہمارے پاس پڑی ہوئی ہے جس میں صوبائی خودمختاری کا رونا رو یا گیا ہے جس میں ہم ان کے ہمنوا ہیں۔ ہمیں بھی دکھ ہے کہ ہمارے ساتھ زیادتیاں ہو رہی ہیں لیکن اس بڑے اہم واقعہ کی اہمیت کو گھٹانے کے لیے جس طریقے سے جس انداز میں انہوں نے بات کی ہے مجھے اس سے قطعاً اتفاق نہیں۔ حضور والا! یہ وقت ہم خود غرض سیاستدان یا سیاسی پارٹیاں جب کوئی وقت پڑتا ہے تو اس اصل موضوع سے ہٹ کر باتیں کرتے ہیں ان پریشانیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت

[Mr. Shad Muhammad Khan]

ایسے غلط انداز سے قدم اٹھاتی ہے جس سے ہمیں ہمیشہ پچھتانا پڑتا ہے۔ یہ میرا فرض ہے کہ یہاں میں سابقہ حقائق بیان کروں۔ جب صدر ایوب خان نے مارشل لاء لگایا تو یہ ٹھیک ہے ان کی بات کہ اس وقت مارشل لاء کی ضرورت نہیں تھی اور اتنے لمبے جلوس نکلنے کے بعد اس کا نفاذ غیر ضروری تھا لیکن ۱۹۷۷ء میں جس انداز سے قوم نے مارشل لاء کو مانگا اور منتیں کیں تو وہ اس وقت کا ایک جائز اقدام تھا۔ ہر وقت کی نوعیت اور ماہیت مختلف ہوتی ہے، اس پر ایکشن لینے کا انداز مختلف ہوتا ہے اور وقت کی ضرورت کے تحت بعض اوقات ایسے اقدامات کیے جاتے ہیں جس سے قوم قربانی کی بھینٹ نہیں چڑھتی اور وطن تباہی و بربادی سے بچ جاتا ہے۔

حضور والا! جب ایوب خان نے ۶ نکاتی پروگرام والے مجیب کو گرفتار کیا تو اس سیاسی پارٹی کو یاد کرنا چاہیے کہ کس انداز سے سب نے مل کر اس کو چھڑایا اور پاکستان پر ایک غضب ڈھایا کہ پاکستان دولخت ہو گیا، حضور والا! جب مرحوم بھٹو نے غداری کے الزام میں ولی خان کے خلاف مقدمہ قائم کیا جس کو آج آپ certificate دے رہے ہیں کہ وہ قوم کے وفادار ہیں اور صوبائی سطح پر ان کے ساتھ تعاون بھی کیا جا رہا ہے کیوں یہ سب پارٹیاں ایم، آر، ڈی کی شکل میں اکھٹی ہوئیں اور انہوں نے اس غدار کو جس کو وہ کہہ رہے تھے، عدالت کے انصاف پر نہ چھوڑا، جناب والا! اس بات کو، آج یہ موجودہ حکومت تسلیم کرتی ہے، اخبارات میں بیان آتے ہیں کہ واقعی یہ غداری کے مترادف ہے ہم کیس درج کر لیں گے تو میں ان سے توقع کروں گا کہ وہ اس کو غدار ثابت کرے، اگر وہ واقعی غدار ہے تو اسے قرار واقعی سزا دینی چاہیے اور نتیجہ سامنے آجائے گا اس لیے اس میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے انہیں موقع دینا چاہیئے۔ دیکھنا چاہیے کہ یہ کیا کرنے والے ہیں لہٰذا اپنے مطالبات کی خاطر کسی اچھے اقدام کو نہ سراہنا یہ بھی بڑی بات ہے اس حکومت کو موقع دینا چاہیے کہ یہ ثابت کرے کہ کہاں تک وہ اپنے قول و فعل میں درست ہے کہاں تک تضاد کا شکار ہے۔ تاکہ نتائج سامنے آئیں اور پاکستان کو غرق کرنے تباہ و برباد کرنے کے جو منصوبے

بنتے ہیں ان کا پتہ چل جائے۔ اخبارات میں روزنہ بیان آتے ہیں اور ہم شک کرتے ہیں کہ یہ بھی ایک تحریک اور سازش ہے ٹھیک ہے معلوم ہونا چاہیے کہ اس میں کون ملوث ہے چاہیئے تو یہ تھا کہ جتوئی صاحب کو جو معلوم ہے کہ اس میں فلاں فلاں آدمی ملوث ہیں تو ان کو ان پر الزام لگانا چاہیئے تھا لیکن اس جذباتی طریقے سے تقریر کرنا اصل چیز کو ٹالنے کے مترادف ہے۔ جناب والا شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پہلے جوگیزئی صاحب، پھر قاضی صاحب۔ پہلے آپ! (جوگیزئی کی طرف مخاطب ہو کر) بولیں جی پہلے آپ کی request آئی تھی۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ جناب۔ میں نے تو جتوئی صاحب کی ایک جذباتی تقریر کو سنتے ہی یہی سمجھا کہ جہاں درد ہوتا ہے وہاں سے آہ ضرور نکلتی ہے مگر یہ کہاں سے ہے، یہ درد کہاں سے شروع ہوتا ہے؟ آپ ذرا تاریخ کو دیکھیں پاکستان کی تاریخ اتنی پرانی تاریخ نہیں ہے۔ تھوڑا سا وقت ہے۔ ایوب خان کے دور سے دیکھیئے ایوب خان کے دور میں جتنی ترقی ہوئی سارے لوگ اس وقت کہتے تھے کہ ترقی ہوئی ہے۔ پھر جو وزارت عظمیٰ آئی جناب وہ سندھ سے ہی آئی اور اگر گلہ کرنا ہے تو اس سندھی سے گلہ کریں جو وزیر اعظم تھا سب نے مانا کہ سندھ صوبہ کو یہ وزارت دینی چاہیے اور اس وقت سے آج تک سندھ ہی وزیر اعظم بننے کا حق دار سمجھا گیا ہے اور آج تک وہ سندھ کی طرف سے بنتا ہے۔ لیکن اگر آپ کی طرف سے اپنے ہی آدمی کے ہاتھ سے آپ بھی زخمی ہیں ہم بھی زخمی ہیں تو پھر ہم سے کیوں گلہ کرتے ہیں۔ کس سے زخمی ہوئے؟ پاکستان ٹکڑے ہوا کس سے ہوا؟ کشمیر کی جنگ ہوئی تو کس نے کیا۔ پاکستان میں progressive لوگ آئے انہوں نے کس کا بیڑہ غرق کیا۔ میں تو یہ کہتا ہوں کہ جناب آئیے سارے صوبوں کے متعلق ایک پورا Commission بنائیں جو ہر صوبے کی محرومیاں کا جائزہ لے۔ ہر شخص کے ہر صوبے کے جو صحیح مطالبات ہیں انہیں تسلیم کیا جائے تو پاکستان ضرور چلے گا۔ پاکستان نہ کسی نے ہم پر نافذ کیا تھا نہ کسی نے ہمیں فتح کیا تھا۔ ہم خوشی سے پاکستان میں آئے ہیں اس وقت پاکستان کا تصور کیا تھا؟ کسی نے یہ اعتراض نہیں کیا کہ یہ سندھی ہے یہ بلوچ ہے یہ پٹھان ہے۔ سب نے

[Nawabzada Jehangir Shah Jogazai]

ایک پاکستان مانگا تھا اور اسلام کے لیے ہی مانگا تھا اور ایک اسلامی نظام کے لیے مانگا تھا۔ جو بدقسمتی سے اس پاکستان میں نہ نافذ کر سکے اور پاکستان کے حصے بخرے کیئے اور معلوم ہوتا ہے کہ مزید ٹکڑے کیے جائیں گے جیسا کہ آج کی تقریر ان جذبات کی عکاسی کرتی ہے یہ اس کی بات نہیں ہے۔ یہ جو کچھ سنتا ہے وہ جو دیکھتا ہے اس نے اس کے جذبات کو ابھارا ہے۔ میں مانتا ہوں کہ تکلیفیں سب کو ہیں محرومیاں سب کی ہیں وہ اس لیے ہوتی ہیں کہ جب سے پاکستان بنا ہے یہاں پر وہ نظام چلایا نہیں گیا ہے جس کو انصاف کہا جاتا ہے۔ جسے اس طریقے سے چلایا جائے جو ایک آزاد ملک کے لیے ضروری رہتے ہیں ہمیشہ سے ایک طبقہ مارشل لاء آئے تو اس کے ساتھ ہوتا ہے جمہوریت آئے تو اس کے ساتھ ہوتا ہے اور dictatorship آئے تو اس کے ساتھ ہوتا ہے ہم اس وقت ہی اس مشکل پر قابو پا سکتے ہیں جب الیکشن بار بار ہوں میں کہتا ہوں کہ آج جو صورت حال ہے آج کل جس طرح کے حالات ہیں ضرور الیکشن ہونے چاہیں۔ دوبارہ الیکشن ہونے چاہئیں تین مہینے کے بعد اگر کوئی خامی ہو، پھر الیکشن ہونے چاہیں مجھے حیرت یہ ہوتی ہے کہ جلسے اور جلوس اس وقت نکلتے ہیں جب آپ الیکشن کی تیاری کرتے ہیں۔ جب انسان کو کرسی مل جاتی ہے اس پر ذمہ داری آجاتی ہے اس کے پاس اختیارات آجاتے ہیں تو پھر اس کے بعد جلسوں کی کیا ضرورت ہوتی ہے ہم ان جلسوں کا کیا کریں لوگوں کے پاس انصاف نہ ہو آپ یہ دکھانے کے لیے جی کہ پیپلز پارٹی کا اتنا جلوس تھا آئی جے آئی کا اتنا جلوس تھا۔ اس مقابلے کو ہم نے کیا کرنا ہے اب تو مقابلہ ہے ہمارے کام کرنے کا۔ ہمارا مقابلہ یہ ہے کہ اس وقت ہم نے ملک میں کیا کیا ہے۔ لوگوں کو ہم نے تحفظ کیا دیا ہے جس ملک میں ڈکیتی اللہ جہاں لوگ خوف سے باہر نہ جا سکیں اس حکومت کو شرم آنی چاہیے، اگر وہ سنبھال نہیں سکتا ہے تو چلا جائے۔ کم از کم ہم یہ نہیں کہہ سکتے۔ جہاں فوج کا کردار رہا ہے۔ فوج میں بھی برے بھی اچھے بھی آدمی تھے انھوں نے اچھے کام بھی کیے اور برے کام بھی کیے ہم نے کبھی تعریف نہیں کی support نہیں کیا ہے اور نہ ان کی طرح سے کہ مارشل لاء گیا اور اس کے بعد یہ آ گئے پاکستان میں اس وقت جو بھی جمہوریت ہے اور جو اس وقت

جمہوریت کی کرسی پر آئے ہیں وہ کس کی وجہ سے آئیں ہیں. اس ایوان اور جونیجو کی وجہ سے آئے ہیں۔ اس الیکشن کی وجہ سے آئے ہیں، ہم نے بھٹو کے وقت میں بھی دیکھا کہ اگر کسی نے جلسہ کیا تو ۔ جلسہ جس پارک میں ہوتا تھا اس میں پانی چھوڑ دیتے تھے پولیس سے لوگوں کو مرواتے تھے۔ سب کچھ کرتے تھے ان تین سالوں میں آپ نے دیکھا ہے کہ ہم نے آپ کو راستہ دکھایا ہے جمہوریت کے لیے راستہ ہموار کیا ہے جیسے آج پھر آپ خراب کر رہے ہیں۔ خدا کے واسطے پاکستان والو سوچو کہ ۷۱ء کے بعد مشرقی پاکستان ٹوٹا وہ کس کی وجہ سے؟ کم از کم اتنی تو آنکھیں کھولو۔ کہ ہماری بدقسمتی کب سے شروع ہوئی اور کس کے ہاتھ سے شروع ہوئی میں تو ہمیشہ یہی کہتا ہوں کہ سندھ کا قصہ ہو یا بلوچستان کا قصہ ہو بات ایک ہی ہے ان لوگوں کو ڈھونڈیں جنہوں نے ان کو خراب کیا اور ہمارا دشمن ہندوستان ہے۔ اس کے جاسوس ہمارے اندر ہیں وہ ہمارے حالات سے فائدہ اٹھا رہے ہیں اور ہم کو معلوم نہیں پاکستان بن گیا ہے اور آپ کو وزارتیں بھی مل گئی ہیں اختیارات بھی مل گئے ہیں یہ تو آپ اپنے وزیر اعظم سے بات کریں اس سے کہیں کہ آپ کے ساتھ کیوں زیادتی ہو رہی ہے آپ ان سے کہیے کہ سندھ میں اگر حالات خراب ہیں تو حکومت تو تمہاری ہے نہ تو وہاں پر پنجابی ہیں نہ وہاں پر فوجی ہیں نہ وہاں پر Froniter کے لوگ حکمران ہیں، تمہاری حکومت ہے اب ہم سے کیوں ناراض ہو۔ ہم سے کیوں گلہ کرتے ہو اس کا ایک ہی علاج ہے اور وہ یہ ہے کہ بس اب اتنا عرصہ ہم خاموش رہے ہیں ابھی الیکشن کرا دو صوبوں میں بھی، سنٹر میں بھی تاکہ نئے لوگ آجائیں اور ان کو یہ معلوم ہو جائے کہ جو کام نہیں چلا سکتے ان کو کرسی پر بیٹھنے کا کوئی حق نہیں ہے یا تین مہینے کے اندر وہ ہم کو بتا دیں کہ ہم نے یہ کام کیا ہے امن وامان بحال کیا ہے جلسے جلوسوں کو چھوڑ دیں کرسی پر بیٹھیں لوگوں کی باتیں سنیں عدل کے نظام کو درست کریں ایک دوسرے کو کاٹنے کی بات چھوڑ دیں کہ ایک دوسرے کو کاٹنے کے لیئے یا ایک دوسرے کو گرانے کے لیئے کام کرتے ہیں ایسی تو حکومت کی باتیں نہیں ہوتیں میں یہی عرض کروں گا کہ اب از سر نو انتخابات کی ضرورت ہے لوگوں کو نہ مروایا جائے لوگوں میں بدامنی نہ پھیلائی جائے ہندوستان کے لیئے راستہ ہموار

نہ کیا جائے یہ میری سفارش ہے اس مسئلے کا صرف ایک ہی حل ہے کہ دوبارہ انتخابات کرائے جائیں۔ شکریہ!

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت بہت شکریہ، قاضی عبداللطیف۔

قاضی عبداللطیف: نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ جناب والا! جو تحریک پیش کی گئی تھی اس کا عنوان کچھ اور تھا پر سراقتدار حکومت خود اسے تسلیم کرتی ہے کل کابینہ کے اندر بھی اس پر بات چیت ہوئی ہے اور یہ کہا گیا ہے کہ وہاں پر جو کچھ ہوا ہے وہ سخت افسوسناک ہے اور اس کی مذمت کی ہے ہمارے دوست محترم جتوئی صاحب نے بحث کو خلط ملط کر دیا ہے اپنی حق تلفی پر شکوہ کرنا ایک علیحٰدہ بات ہے۔ اور ملک کو توڑنے کی بات کرنا یہ علیحٰدہ بات ہے انہوں نے فرمایا کہ کل وہاں کے وزیر نے یہ کہا ہے کہ یہ واقعہ ہوا ہی نہیں ہے میں کیا عرض کردوں۔

گھر سے خط آیا ہے کل ہو گیا چہلم اس کا۔
ماعی لکھتا ہے کہ بیمار کا حال اچھا ہے۔

ہم تو عرصے سے یہ کہہ رہے ہیں کہ سندھ میں ہندوستان کی مداخلت ہو رہی ہے وہ لٹریچر کے ذریعے سے بھی اور افرادی قوت کے لحاظ سے بھی دولت کے لحاظ سے بھی سب کچھ کر رہا ہے اور یہ اسی کی تحریک ہے ہم نے تو [illegible] کو غدار نہیں کہا ہم نے ایک شخص کے متعلق کہا ہے کہ جو خود اپنے آپ کو اس لفظ کا مستحق قرار دے رہا ہے اور یہ کہہ رہا ہے کہ عنقریب وہ وقت آنے والا ہے کہ اقوام متحدہ میں سندھو دیش کا جھنڈا لہرائے گا اس کو ہم کیا معنی دیں مجھے اور اس کی ہم کیا تعبیر اور تفسیر کریں یہ ہمارے دوست محترم جتوئی صاحب ہی بتا سکتے ہیں کہ اس کا مدعا اور مقصد کیا ہے آج تک ہم جو حقائق پیش کرتے رہے ہیں مجھے افسوس ہے کہ ہماری حکومت صرف اور صرف اس کی تردید کرتی رہی ہے اور بلاکسی دلیل کے کرتی رہی ہے۔ جب کہ ہم بار ہا اس کے متعلق اخبارات کے تراشے پیش کرتے رہے ہیں اور ان کے حوالہ جات پیش کرتے ہیں اگر قومی پریس کا اعتبار نہیں کیا جاتا اور قومی پریس کی بات کو معتبر نہیں سمجھا جاتا تو ہمارے ذرائع اطلاعات کہاں سے آئیں گے یہ کہا جاتا ہے کہ یہ اخبار کی

بات ہے لہٰذا اسے چھوڑ دیا جائے میری سمجھ سے یہ بات باہر ہے یہ پہلی مرتبہ ہے کہ وزیر اعظم نے اس پر تشویش کا اظہار کیا ہے بنگلہ دیش سے آنے کے بعد یہاں آ کر اس نے یہ کہا ہے کہ یہ سخت مذمت کی بات ہے اور بری بات ہے میں عرض کروں گا اس مذمت کے ساتھ ساتھ اس نے یہ کہا ہے کہ یہ غیروں کے اشارے پر ہو رہا ہے اور غیروں کی ایجنسی کی بنیاد پر ہو رہا ہے مگر افسوس یہ ہے کہ اس نے یہ نہیں بتلایا کہ وہ غیر کون ہیں کم از کم ان کو یہ نشاندہی بھی کرنی چاہیئے تھی کہ وہ غیر ہیں کون اور کن کے اشارے پہ ہو رہا ہے یہ تو کہا جا رہا ہے کہ ہم ان کے خلاف مقدمات قائم کر رہے ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی ایک سازش ہے صرف اتنی بات کہہ دینا کہ ہم ان کے خلاف مقدمات قائم کر رہے ہیں اور اس کا نتیجہ یہ ہو گا آپ اندازہ لگائیے کل بھی ملک قاسم صاحب نے بیان فرمایا تھا ہم ان کے مشکور ہیں۔ انہوں نے کہا تھا کہ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی بات پر یہاں ہم بحث کرنے کے لیے تیار ہیں یہ چیلنج کیا تھا لیکن اب میں گذارش کروں گا اپنے محترم بھائی سے کہ آج اس کا تقریباً تقریباً سارا راز واشگاف ہو گیا ہے واضح ہو گیا ہے کہ یہاں کی وزیر اعظم اس وقت کے وزیر اعظم کی بیٹی وہاں جا کر ان لوگوں کی قبروں پر پھول چڑھاتی ہے جنہوں نے پاکستان کے خلاف لڑائی لڑی تھی اور پاکستان کے فوجیوں کے خلاف لڑائی لڑی تھی تو یہ کون سا راز تھا یہ کون سا منصوبہ تھا جس کی بنیاد پر یہ کیا جا رہا تھا۔

میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ سندھ کے اندر جو کچھ ہو رہا ہے مدت سے ہو رہا ہے. عرصے سے ہو رہا ہے اور اس پر سارا پاکستان چلا رہا ہے اخبار پر عام کہا جا رہا ہے اور فوج بھی کہتی ہے کہ وہاں حالات خراب ہیں صدر بھی کہتا ہے کہ وہاں حالات خراب ہیں لیکن ہمیں بتایا جائے کہ ہم رپورٹ کہاں کریں ان اداروں کی بات بھی نہیں مانی جاتی جیسے کہا جاتا ہے آئین موجود ہے دستور موجود ہے ادارے موجود ہیں جب آئین اور دستور موجود ہے دستور اور آئین نے تو یہ کہا ہے کہ مشترکہ مفادات کی کونسل کو بلاؤ اور باہمی جتنے بھی نزاعی مسائل ہیں اس کے اندر آپ انہیں حل کریں آج اگر بلوچستان اس مقام تک پہنچتا ہے کہ صوبائی اسمبلی کے اندر باقاعدہ قرارداد آتی ہے کہ مشترکہ مفادات کی کونسل کو بلایا جائے میں بڑے ادب سے عرض

[Qazi Abdul latif]

کروں گا کہ یہ صوبائی رابطہ کمیٹی بنانا کہاں کا اصول تھا اور یہ کہاں کا مسئلہ تھا یہ محض وقت گزارنے کا ایک بہانہ تھا اور یہ لوگوں کو دھوکہ دینا تھا کہ ہم مذاکرات کے لیے تیار ہو رہے ہیں اور ان کے ساتھ بات چیت کر رہے ہیں آج اگر وہ یہاں تک پہنچے ہیں پہلے بیانات دیتے رہے ہیں پنجاب بھی چلا رہا ہے کہ مشترکہ مفادات کی کونسل کو بلاؤ تاکہ ہم آپس میں بیٹھ کر اپنے نزاعی مسائل پر بات چیت کر سکیں۔

یہاں پر ہمارے محترم ڈاکٹر محبوب الحق صاحب نے ارشاد فرمایا تھا کہ ایک کونسل بنائی جائے۔ کمیشن بنایا جائے کمیٹی بنائی جائے میں پوچھتا ہوں کہ کمیشنوں کے بنانے کی اور بٹھانے کی اس وقت ضرورت ہوتی ہے کہ اگر کوئی اقدامات غلط فہمی کی بنیاد پر ہوں یہ تو دیدہ دانستہ کیے جا رہے ہیں غلط فہمی کی بنیاد پر تو ہیں نہیں، دستور کے اندر اس کی وضاحت موجود ہے واضح حدود موجود ہیں اور دستور کے اندر اگر ساری واضح حدود موجود ہیں اور اس کے باوجود بھی اس کے متعلق یہ کہہ دیا کہ کمیشن بٹھاؤ، نئی کمیٹی بناؤ تاکہ بیٹھ کر اس کے متعلق حل سوچیں میری سمجھ سے یہ بات باہر اس لیے ہے کہ یہ اس وقت ہوتا ہے کہ جب کوئی مسئلہ مبہم ہو جس کی وضاحت نہ ہو اور جب تمام چیزیں بالکل واضح موجود ہیں تو پھر اس کے متعلق یہ کہہ دینا کہ نئی نئی کمیٹیاں بناؤ میری سمجھ سے یہ چیز بالکل بالاتر ہے دستور کے اندر حدود موجود ہیں دستور کے اندر راستہ موجود ہے اس کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے اور اس کی خلاف ورزی کی بنیاد پر یہ اختلافات آگے بڑھ رہے ہیں۔

آج سندھ سے یہ آواز آ رہی ہے اور کل بلوچستان سے خدانخواستہ اگر اس قسم کی آواز آئے گی تو اس کا الزام اور اس کی ذمہ داری کس پر ہو گی یہ اسی بنیاد پر ہو رہا ہے کہ سابقہ حقوق جو متعین کیے گئے ہیں میں ان کے متعلق نہیں کہتا۔ وہ تو حقوق ہیں ہی متعین آج جو حقوق پائمال کیے جا رہے ہیں اور bulldoze کیے جا رہے ہیں حقوق پر نئے نئے غاصبانہ قبضے کیے جا رہے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ان کا نتیجہ یہی ہے کہ یہ لوگ وفاق کو کمزور کرنا چاہتے ہیں اور شاید یہ منصوبہ پھر اسی طرح کا ہو جس طرح سے مشرقی پاکستان کو علیحدہ کیا گیا ہے

پر اگر صوبوں کو علیحدہ کرنا ہے تو خدا کے لیے بیٹھ کر مشترکہ مفادات کی کونسل میں بات کرو
اس کی کیا ضرورت ہے کہ اس کے خلاف فوج کو لڑاؤ گے. اس کے خلاف....

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: پوائنٹ آف آرڈر جناب میں آپ کی توجہ Rule No. 204 کی طرف دلاتا ہوں چونکہ یہ ایک specific rule ہے قاضی صاحب کی خاطر۔

"The Chairman, after having called the attention of the Senate to the conduct of a Member who persists in irrelevance or in tedious repetition either of his own arguments or of the arguments used by other Members in debate, may direct him to discontinue his speech.

یہ توجہ میں جناب کی اس لیے دلانا چاہتا ہوں کہ یہ گفتگو جو اس فلور پر ہو رہی ہے۔ سی سی۔آئی کے بارے میں ہمارے معزز اراکین نے باقاعدہ کہا پہلے جو لوگ اس adjournment motion کے ضمن میں ہوئے ہیں وہ الیکٹ پاکستان کی صورت حال پر ہوئے ہیں.

All the issues have been really brought before this honourable House by different honourable Members.

تو میری یہ گذارش ہے کہ

This is a specific rule which actually tries to save the time, tries to save the debate from repetition. It has got a specific spirit and it may kindly be obeyed. The reason behind it is that a lot of time will be taken if the repetition remains as such as is done on this august House's floor off and on. Therefore, I will request this honourable Chair to give a specific ruling so that we can also save time in the coming sessions and sittings of this august House.

جناب پریذائیڈنگ امیر: ابھی وہ سٹیج نہیں آئی جب ہو گا تو دیکھا جائے گا.

قاضی عبداللطیف: جناب والا! مجھے افسوس ہے کہ ڈاکٹر صاحب اس بات کو ہی نہیں سمجھ رہے کہ میں ان کے دلائل کو دہرا رہا ہوں یا ان کی بات کا میں جواب دے رہا ہوں انہوں نے جو Issues raise کیے تھے جو دلائل دیئے تھے میں ان کا جواب دے رہا تھا ان کے دلائل کو دہرا نہیں رہا تھا اور کسی کی بات کا جواب دینے کے لیئے اس کو کہا جائے تو اس کو تکرار کیسے کہا جا رہا ہے......

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: adjournment motion کے موضوع پر بات کریں۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ adjournment motion کے موضوع پر بات کریں۔

قاضی عبداللطیف: adjournment motion کے موضوع پر۔ آج تک جو تقاریر ہوتی رہی ہیں کیا وہ adjournment motion کے موضوع پر تھیں اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے ان کو تو معاف کر دیا ہے اور میری گرفت کی ہے جناب والا! بہرحال میں گذارش کر رہا ہوں اس وقت تک جو کچھ ہو رہا ہے آج پہلی مرتبہ یہ ہوا ہے کہ وزیر اعظم صاحبہ نے یہ کہا ہے کہ سندھ کے ایک شہر میں قومی پرچم اتارنے اور نام نہاد سندھو دیش پرچم لہرانے سے سخت صدمہ پہنچا ہے کہ بعض عناصر کے مخصوص مفادات ہیں وہ کسی دوسرے کے ایجنٹ کے طور پر کام کر رہے ہیں قومی سلامتی اور یکجہتی کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں لیکن منتخب حکومت موجودہ آزادی سے کسی کو ناجائز فائدہ اٹھانے کی اجازت نہیں دے گی خدا کا شکر ہے کہ ۱۰ مہینے کے بعد آج پہلی مرتبہ ہم یہ آواز سن رہے ہیں کہ یہ کہا جا رہا ہے جب ہم یہ توجہ دلاتے ہیں کہ باہر کے ممالک کو خطوط لکھے جا رہے ہیں اور یہ یاد دلاتے تھے کہ فوج کو بدنام کیا جا رہا ہے تو کہا جاتا تھا کہ یہ آزادی تقریر ہے باہر وزیر بیان دیتے ہیں یہاں اگر اس سے منحرف ہو جاتے ہیں۔ کہتے ہیں میرا ذاتی بیان ہے۔ کتنے افسوس کی بات ہے اور یہ وزراء ذمہ دار کی حیثیت سے وہاں بیان دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ آزادئ تقریر ہے آزادی تحریر ہے اسی لیے ہم کہتے تھے کہ آزادئ تقریر و تحریر کے لیے کچھ اصول ہوتے ہیں۔

اب یہاں پر آج پہلی مرتبہ خود اس نے کہا ہے جس کے متعلق ہم کہیں گے کہ خدا کرے کہ ایسا ہو اور آئندہ کے لئے بھی اس آزادی کو اسی طریقے سے محدود کیا جائے کہ کم از کم ملک کی سالمیت کے خلاف بات نہ ہو اور غداری کے خلاف اس کا تحفظ نہ کیا جائے جو کچھ وہاں پر ہو رہا ہے میں گذارش کروں گا کہ اس کو حقوق کے ساتھ منسلک نہیں کیا جا سکتا یہ سراسر غداری ہے اور اس کے متعلق حکومت کو ضرور اقدام کرنا چاہئیے اس وقت حکومت نے جو تحقیقات کا حکم دیا ہے اس میں سینیٹ کے اراکین شامل کریں اور وہ بھی جا کر اس کی تحقیق اور تفتیش کریں آج کی اس بحث کا مقصد یہی ہے اس تحقیق کے اندر سینیٹ کے اراکین کی حکومت کی

جانب سے کمیٹی مقرر کی جائے اور وہ جا کر اس کی تفتیش کرے کہ وہاں کیا ہو رہا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب منٹو صاحب پہلے بول لیں تو پھر آپ ذرا مختصر سا وقت لیں کل دو گھنٹے کا ٹائم ہوتا ہے۔

(Interruptions)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں نہیں، منٹو صاحب آپ سے پہلے ہیں۔

Malik Muhammad Qasim: But, Sir, they wanted to speak on provincial autonomy.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ آئیٹم ابھی ختم نہیں ہوا۔ اس پر تو اور تقریریں ہونی ہیں۔

Malik Muhammad Qasim: I thought they were to speak on provincial autonomy.

Mr. Presiding Officer: They were but now they are speaking on the adjournment motion.

Yes Brig. (Retd) Abdul Qayyum.

Brig.(Retd) Abdul Qayyum: Thank you very much Mr. Chairman.

[At this stage the Chair was vacated by the Presiding Officer and occupied by the Chairman (Mr. Wasim Sajjed)

Mr. Chairman: Yes please Brigadier Sahib.

Brig.(Retd) Abdul Qayyum Khan: Thank you Mr. Chairman for allowing me to speak on this adjournment motion.

Most of the honourable Members have expressed their sentiments and I would not like to repeat but while sympathizing with the sentiments of Senator Aijaz Ali Jatoi (I also appreciate the vehemence with which he spoke of the sense of deprivation of Sindh and in support of his demands) I wish he had vehemently condemned the disrespect shown to our national flag, whether it was burning or pulling it down. It pains me to say that instead he chose to almost justify the incident or at best tried to pass on the blame on some one else without using a single word of condemnation about the incident.

Sir, I sympathize with what he said about the sense of depriation of Sindh or injustices done to Sindh but Mr. G.M.Syed cannot be really associated with that. He has his own history. He has persistently been advocating sovereign Sindhu Desh from the very day Pakistan was created. Sir, sometime in 50s he wrote a book which, of course, was so abnoxious (I am sorry to use such a stern word) that it had to be

[Brig. (Retd) Abdul Qayyum Khan]

banned. He went in appeal to the Sindh High Court and that High Court upheld the ban. He went in appeal to the Supreme Court of Pakistan and the Supreme Court upheld the ban. Sir, he has been persistently speaking against the sovereignty of Pakistan and in favour of sovereignty of Sindh. It is a failure of successive governments not to have takenn any action against him. I really never understood what was the weakness and where lay the weakness. Next door to us in the so-called largest democracy of the world for a similar incident the then Prime Minister of India undertook major military operations against the most sacred shrines of the Sikhs; and we have always been afraid of taking action against an individual who has been openly preaching treason and speaking against Pakistan.

